لاتهنوا ولا تحزنوا وانتم الاعلون ان كنتم مومنين
القرآن الحكيم

# الهلال

ایک ہفتہ وار مصور رسالہ

مدیر مسئول و محرر خصوصی

احمد المکنیٰ بابی الکلام الدہلوی

تار کا پتہ
"الہلال کلکتہ"
ٹیلیفون نمبر ۶۴۸

Telegraphic Add.
" Alhilal Calcutta
Telephone, No. 648

قیمت
سالانہ ۸ روپیہ
ششماہی ۴ روپیہ ۱۲ آنہ

مقام اشاعت
۷ - ۱ مکلاوڈ اسٹریٹ
کلکتہ

جلد ۵ | کلکتہ: چہارشنبہ ٦ شعبان رجب ۱۳۲۲ ہجری | ۱

Calcutta: Wednesday, July, 1. 1914.





قیمت فی پرچہ ساڑھے تین آنہ

AL HILAL
Proprietor & Chief Editor,
Abul Kalam Azad
14 MC Leod Street,
CALCUTTA
Yearly Subscription Rs. 8
Half yearly ,, 4-12

# الہلال

مدیر مسئول و خصوصی قلم تحریر
احمد المکنی بابی الکلام الدہلوی
مقام اشاعت
۱۴ — مکلوڈ اسٹریٹ
کلکتہ
ٹیلی فون نمبر ۶۴۸
سالانہ — ۸ — روپیہ
ششماہی — ۴ — ۱۲ — آنہ

جلد ۵ | کلکتہ چہارشنبہ ۶ شعبان ۱۳۳۲ ہجری | نمبر ۱
Calcutta: Wednesday July, 1. 1914.





پرنس سعید حلیم پاشا صدر اعظم دولۃ علیۃ عثمانیہ

جنگی وزارت نے امۃ و حکومت کی عالمگیر ہلاکت و بربادی کے بعد اپنے حسن تدبیر اور قوت نظم و ادارہ سے ترقی و اصلاح کا ایک محیر العقول دور شروع کیا ' اور جنگ طرابلس و بلقان کے بعد بھی باب عالی کی قوت کو اس حالت میں قائم رکھا کہ وہ یونان کو ایک نئی بحری جنگ کیلیے تہدید کرسکے

بسم الله الرحمن الرحيم

## فاتحة السنة الثالثة

### المجلد الخامس

الحمد لله الذى رضى لنا الاسلام ديناً و نصب لنا الدلالة على صحته برهانا مبينا - و وعد من قام باحكامه و حفظ حدوده اجراً جسيما - و ذخر لمن و افاه به ثواباً جزيلاً و فوزاً عظيما - و فرض علينا الانقياد له و لاحكامه - و التمسك بدعائمه و اركانه - والاعتصام بعراه و اسبابه - فهو دينه الذى ارتضاه لنفسه ' و لانبيائه و رسله ' و ملائكة قدسه ' و لجميع مخلوقاته ' فبه اهتدى المهتدون - و اليه دعا الانبياء و المرسلون : افغير دين الله يبغون ؟ و له اسلم من فى السموات و الارض طوعاً و كرها و اليه ترجعون ( ٣ : ٨٣ ) فلا يقبل من احد دينا سواه من الاولين و الاخرين : و من يبتغ غير الاسلام دينا فلن يقبل منه وهو فى الاخرة من الخاسرين ( ٣ : ٨٥ ) وحكم سبحانه بانه احسن الاديان و لا احسن من حكمه و لا اصدق منه قيلا : و من احسن دينا ممن اسلم وجهه لله و هو محسن و اتبع ملة ابراهيم حنيفا و اتخذ الله ابراهيم خليلا ( ٢ : ١٢٢ ) -

فسبحان من جعل دين الاسلام عصمة لمن لجاء اليه - و جنة لمن استمسك به و عض بالنواجذ عليه - فهو حرمه الذى من دخله كان من الامنين - و حصنه الذي من لاذ اليه كان من الفائزين - و من انقطع دونه كان من الهالكين : فمن اهتدى فانما يهتدى لنفسه ' و من ضل فقل انما انا من المنذرين ( ٢٧ : ٩٥ )

و اشهد ان لا اله الا الله وحده لا شريك له ' شهادة اشهد بها مع الشاهدين - و اتحملها عن الجاحدين !

و اشهد ان محمدا عبده المصطفى ' و نبيه المرتضى ' و رسوله الصادق المصدوق الذي لا ينطق عن الهوى ' ان هو الا وحي يوحى ( ٥٣ : ٤ ) ارسله كافة للناس بشيرا و نذيرا ' و داعياً الى الله باذنه و سراجاً منيرا ( ٣٣ : ٤٦ ) فهدي به من الضلاله ' و بصر به من العمى ' و ارشد به من الغي ' و فتح به اعيناً عميا ' و اذاناً صما ' و قلوباً غلفا . فبلغ الرساله ' و ادى الامانه ' و نصح الامه ' و جاهد في الله حق جهاده ' و عبد ربه حتى اتاه اليقين - فصلى الله عليه و على اله الطيبين الطاهرين - و اصحابه المهتدين - و اتباعه الصادقين - و علمائه العاملين - و جميع الشهداء و الاولياء و الصالحين - صلوة و سلاماً دائمة بدوام السموات و الارضين !!

* * *

( و بعد ) فان الله جل ثناءه ' و تقدست اسماءه ' بعث محمداً صلى الله عليه و سلم على فترة من الرسل ' و طموس من السبل - و استوجب اهل الارض ان يحل بهم العقاب - و نظر الله سبحانه اليهم ' فمقتهم عربهم و عجمهم الا بقايا من اهل الكتاب (١) و استند كل امة الى ظلم ارائهم ' و حكموا على الله بأباطيلهم واهوائهم - و ظهر الفساد في البر و البحر بما كسبت ايدي الناس ( ٣٠ : ٤١ ) - من جميع الشعوب و الاجناس - و ملأت الارض بشرك المشركين و ضلالة المضلين ' و ظلم الظالمين ' و هداية الضالين ' و قيادة الغاوين ' و سياسة المستبدين - و اصبحت الدماء مسفوكة ' و الا عراض مهتوكة ' و القوى منهوكة ' و الاموال مسلوبة و منهوبة - والعدل ممقوتاً و العدوان محبوبا - حتى انت الارض من جور الظالمين - و استغاثت السماء من طغيان الكافرين - و سمع رب العزة انين المظلومين و بكاء البائين : و اوحي اليهم ربهم لنهلكن الظالمين ( ١٤ : ١٣ )

ففلق الله سبحانه بمحمد ( صلى الله عليه وسلم ) صبح الايمان - و طلع شمس الهداية من مشرق العرفان - و ملاء الافاق نوراً و ابتهاجا - و دخل الناس في دين الله افواجا - انزل عليه كتابا ' احتج على صحة العقائد في الانفس و الافاق - و بين فوائد ما دعا اليه من العبادة و مكارم الاخلاق - و اشار الى مصالح الناس فيما شرعه من الاحكام و السنن و نبه على مفاسد ما حرمه عليهم من المنكرات و الفواحش ظهر منها و ما بطن - و جعل النظر و الفكر اساس الدين - و قضى على الوثنية التي اذلت البشر و استعبدتهم الملوك المستبدين ' و رؤساء الروحانيين ' و امراء الظالمين و قرر حرية الوجدان و الاجتهاد - في جميع الاعمال و الاعتقاد - و جاء بالبينات و الهدى - فنهى عن التقليد و اتباع الهوى - و عظم شان الفكر والعقل ' و جعله هو المخاطب بفهم النقل - فامتاز دينه على سائر الاديان ' و بطلت دعوة الشيطان ' و تلاشت عبادة الاوثان ' و ذل المثلثة عباد الصلبان ' و تقطعت الامة الظالمه في الارض كقطع السراب في القيعان - حتى ارتفع دين الله غاية الارتفاع و الاعتلاء ' بحيث صار اصلها ثابت و فرعها في السماء ( ١٤ : ٢٤ )

( ١ ) الحديث خرجه مسلم عن عياض ابن حمار .

و نادى المنادي بشعارها في جو السماء بين الخافقين: " اشهد ان لا اله الا الله و اشهد ان محمداً عبده و رسوله " صارخاً بالشهادتين !

هذا كان شان الاسلام و المسلمين و الامر على ذلک ' حتى عمل الشيطان مكائده عليهم ' و القى باسهم بينهم ' و افشى فيهم فتنة الشبهات و الشهوات ' و زينت لهم التقاليد و العادات و المبتدعات - فدب الفساد الاجتماعى فى جسم الامه ' و عم الظلم و الطغيان و الفتنه - و فسد الاخلاق ' و ضعف النفوس ' و تقاعست الهمم ' و فترت العزائم ' و طبع القلوب بالتعبد و التذلل ' والخضوع والخشوع - حتى لا امر بمعروف و لا نهي عن منكر ' و لا تعاون على بر ' ولا تناصر على رفع ضر - فتمزق شمل المسلمين ' و اضاعو السياسة و الدين ' و ردوا الامة اسفل سافلين ' فخسروا الدنيا و الاخرة : ذالک هو الخسران المبين ( ۲۲ : ۱۱ )

اما خسرانهم للدنيا ' فان معظم شعوبهم و بلادهم قد استولي عليها الكفرة الفجرة ' و ما بقى منها في ايديهم قد ارغلت سلطة الكفر في احشائه ' وهي تهدده بسلب دمائه - واما خسرانهم الاخرة ' فبما ابتدع جماهيرهم في الدين ' واتبعوا غير سبيل المسلمين الاولين ' فقد وعد الله بنصر الحق و ما هم منصورين ' وكتب الغلب لحزبه و ما هم بغالبين ' و نراهم قد غلب عليهم الذل ' و لله العزة و لرسوله و للمومنين ( ۶۳ : ۸ )

ان دين الله العظيم ' و شريعة رسوله الكريم ' شانه يعلو عن ان يكون مهباً للاهواء ' او مثاراً لاختلاف الاصول و الارا ' او الة لسلطان الرؤساء ' فهو حنيفية السمحة ليلها كنهارها ' و ظاهرها كباطنها - و قال سبحانه و تعالى في كتابه الميمون : ان الذين فرقوا دينهم و كانوا شيعاً لست منهم في شي ' انما امرهم الى الله ' ثم ينبئهم بما كانوا يعملون ( ۶ : ۱۵۹ )

مضى زمن النبي صلى الله عليه وسلم ' و الصحابة رضوان الله عليهم ' و اهل الاسلام على غاية من الاستقامة في دينهم - و هم متعاضدون متناصرون ' متحابون متعاشرون - و لم يكن للناس من الفراغ ما يخلو فيه مع عقولهم ليبتلوها بالبحث في بيان عقائدهم ' و ما كان من اختلاف قليل رد الى السنة و الكتاب : اولائك الذين هداهم الله و اولائك هم اولوالالباب ( ۲۹ : ۱۷ )

كان الامر على ذلك ' و لكن خلف من بعدهم خلف اضاعو الصلوات و اتبعو الشهوات ( ۱۹ : ۴۰ ) ففرقوا بين المومنين ; و مزقوا شمل المسلمين ' و صاروا شيعاً كل شيعة تعادى الاخرى لمخالفتها اياها في المذهب ' و مباينتها فيما احدثت من المشرب - يتنابزون و يتلاعنون ' و يزعمون في ذلك انهم بحبل الله مستمسكون - فقالوا سني و شيعي ' وعربي و عجمي ' وهندي و تركي ' و هذا خارجي يلعن اميرالمومنين ' و هذا شيعي يلعن الخلفاء الراشدين - و السني يكفر الشيعي و يقول انهم الفاسقون ' و الشيعي يقتل السني و يقول انهم الكافرون - و الامم الطامعة من ورائهم يقول انكم مسودون و مستعبدون : الذين فرقوا دينهم و كانوا شيعا ' وكل حزب بما لديهم فرحون ( ۳۰-۳۲ ) و يحسبون انهم على شي الا انهم هم الخاسرون ( ۷ : ۱۷۷ )

* * *

و قد طفق المسلمون يشعرون في هذه الايام بانهم ما فقدوا مجد سلفهم الصالحين ' و تلك السعادت التي كانت لابائهم الاولين ' الا لانهم لم يهتدوا بالقرآن ' و لم ياخذوه بقوة و ايقان - و ان الامة في مرض ' و الدول في حرض ' فاذا لم تبادر بالعلاج ' تم فساد المزاج -

اما ذالك الشعور الطفيف الذي لاح بارقة في آفاق العالم الاسلامي ' فان هو الا اعدادا بطئيا للانتقال الى طور اخر ' مصيره مجهول لعامتهم ' و مرتاب فيه عند خاصتهم ' لا يدرون ايكون ذلك دواء ناجعاً تعقبه السعادة و الهناء ' ام داء عضال ينتهى الى موت زوام ؟ فمنهم اليائس يزيد فى الافساد ' و منهم الراجي يدعو الى سبيل الرشاد - يستوى في ذلك جميع البلاد الاسلاميه ' حرة كانت او مستعمرة ' محتلة كانت او مستقله -

و اما اهل الرجاء ( و نحن منهم ) فانهم يعرفون ما يحتج به اهل الياس و لا ينكرونه و لهم نظر اخر ابعد ' و راى اسد و ارشد ' يويدونه بايات الكتاب المجيد - و يستدلون عليه بوعد الله العليم الشهيد : و هو الذي ينزل الغيث من بعد ما قنطوا و ينشر رحمته و هو الولي الحميد ( ۴۲ : ۲۸ )

فهذه الدعوة الاصلاحية القرانية التى دعانا اليها المصلحون المرشدون ' و هى التي يدعو اليها " الهلال " من اول نشره و لو كرها الجامدون الجاهلون ' و المتفرنجون المفسدون -

و قد بلغ الهلال الثالثة من عمره في هذا الشهر و هو دائب على صادق الخدمه ' التي يعتقد بها فلاح الملة و نجاح الامه - متبعاً سنن الحق بعلمه و ايقانه بان الحق احق ان يتبع ' و ان ينصت له و يستمع - والباطل اجدر بالدثور ' و اقتلاع الجذور : والله ولي الذين امنوا يخرجهم من الظلمات الى النور ( ۲ : ۲۵۷ )

اللهم انقذنى من عالم الشقاء ' و اجعلنى من اخوان الصفاء ' و اصحاب الوفاء ' و سكان السماء ' مع الصديقين و الشهداء ' انت الله الذي لا اله الا انت فاطر الاشياء ' و نور الارض و السماء ' امنحني فيضا من العلوم الالاهيه ' و هذب نفسي با نوار الحكمة النبوية ! وارني الحق حقا و الهمني اتباعه ' وارني الباطل باطلا و احرمني اعتقاده !!

اللهم ايد دينک القويم بالعلماء العاملين ' و اكشف ببركتهم جهل الجاهلين ' و ارفع بجميل سعيهم غفلة الغافلين ' وهب لمرشديها وجداناً صادقاً ' و علما نافعا ' و قلبا صافيا ' و لسانا بالحق ناطقا - يجاهدون في سبيل الله و لا يخافون لومة لائم ! انك انت السميع مجيب - و اخر دعوانا ان الحمد لله رب العالمين - و العاقبة للمتقين -

# ادبیات

## آثار علمیۂ خطیہ

### مرزا غالب مرحوم کی ایک غیر مطبوعہ غزل (۱)

ممکن نہیں کہ بھول کے بھی آرمیدہ ہوں * میں دشت غم میں آہوے صیاد دیدہ ہوں
ہوں دردمند ' جبر ہو یا اختیار ہو * گہ نالۂ کشیدہ گہ اشک چکیدہ ہوں
جاں لب پہ آئی تو بھی نہ شیریں ہوا دھن * از بسکہ تلخی غم ہجراں چشیدہ ہوں
نے سبحہ سے علاقہ نہ ساغر سے واسطہ * میں معرض مثال میں دست بریدہ ہوں
ہوں خاکسار پر نہ کسی سے ہے مجھکو لاگ * نے دانۂ فتادہ ہوں نے دام چیدہ ہوں
جو چاہئے نہیں وہ میری قدر و منزلت * میں یوسف بقیمت اول خریدہ ہوں
ہرگز کسی کے دل میں نہیں ہے مری جگہ * ہوں میں کلام نغز ولے نا شنیدہ ہوں
اہل ورع کے حلقہ میں ہر چند ہوں ذلیل * پر عاصیوں کے زمرہ میں میں برگزیدہ ہوں
پانی سے سگ گزیدہ ڈرے جس طرح ( اسد )
ڈرتا ہوں آئینہ سے کہ مردم گزیدہ ہوں

### التجاے پروانہ

وہ زمانہ بھی ہے تجھکو یاد ' اے شمع حرم ؟ * نور کے سایہ میں تیرے جبکہ آسودہ تے ہم ؟
اب مگر تجھہ میں نہیں ہے وہ گداز سیل نم ؟ * یا ہمیں میں درد آسا آگئی ہے خوے رم ؟
دیدۂ خونناب کی وہ دجلہ باری کیا ہوئی ؟
کیا ہوئی راتوں کی میری آہ وزاری کیا ہوئی
تو رہی ہے ' اور ترے شعلہ کی رعنائی رہی * عارض روشن کی تیری محفل آرائی رہی
تیرے جلوہ میں نہاں ہے سوز فرمائی رہی * ذرہ افزائی رہی حسن تپش زائی رہی
در خور آہنگ سوزش بال پروانہ نہیں
ورنہ یہ تیری ضیا تو اب بھی بیگانہ نہیں
ہاے وہ دن' جب ترا شعلہ اِدھر تھا برق کوش * اور ادھر تھا وقف سوزش خرمن صد صبر و ہوش
طور پرور تھا اُدھر گر جلوۂ خورشید جوش * رشک موسیٰ تھا اِدھر ہر ذرۂ آئینہ پوش
وہ ہجوم نازکی ہر لحظ جلوہ تازیاں !
اور وہ انبوہ نیاز عشق کی جانبازیاں !
سینہ جوشش گاہ سیل وسعت آمال تھا * ولولوں کی موج سے ہر قلب مالا مال تھا
یہ سکون نکبت و ذلت جو دور از حال تھا * دار گاہ صد تپش آسودہ زیر بال تھا
سوز نغمہ سے غرض معمور تھا ہستی کا ساز
دل مثال آئینہ تھا گریہ بردار گداز

* * *

تجھکو کیا ' اک ہم نہیں تو اور پروانے بہت * حسن تیرا چاہیے ' مجھہ سے ہیں دیوانے بہت
لطف ساقی ہو تو ساغر اور پیمانے بہت * پردہ داری ہو ترے شب کی تو افسانے بہت
ہر پتنگے میں کہاں لیکن وہ شعلہ باریاں ؟
خاک میں اب بھی لگن کے ہونگی کچھہ چنگاریاں !

( نیاز فتح پوری )

---

( ۱ ) اسکی اصلی سرخی " آثار ادبیۂ خطیہ " ہے لیکن اسکا بلاک اس وقت طیار نہ تھا - آثار علمیۂ خطیہ کا دیدیا گیا -

# الہلال

۶ - شعبان - ۱۳۳۲ ہجری

## خطبات و مواعظ

### ( ۱ )

### ان الحکم الا للہ

ان الحکم الا للہ (۱۲ : ۴۰) — فالحکم للہ العلی الکبیرا ( ۴۰ : ۱۲ )
افحکم الجاھلیۃ یبغون ؟ — ومن احسن من اللہ حکما لقوم یوقنون ( ۵ : ۵۳ ) — و ھو خیر الحاکمین ( ۱۳ : ۱۰۹ )
و لہ الحکم و الیہ ترجعون ! ( ۲۸ : ۷۰ ) — الا لہ الحکم و ھو اسرع الحاسبین ! ( ۶ : ۶۲ )

لوگ دنیا میں سیکڑوں قوتوں کے محکوم ہیں - ماں باپ کے محکوم ہیں، دوست و احباب کے محکوم ہیں، استاد اور مرشد کے محکوم ہیں، امیروں، حاکموں اور پادشاہوں کے محکوم ہیں، اگرچہ وہ دنیا میں بغیر کسی زنجیر اور بیڑی کے آئے تھے مگر دنیا نے انکے پانوں میں بہت سی بیڑیاں ڈال دی ہیں -

لیکن مومن و مسلم ہستی وہ ہے جو صرف ایک ہی کی محکوم ہے - اسکے گلے میں محکومی کی ایک بوجھل زنجیر ضرور ہے پر مختلف سمتوں میں کھینچنے والی بہت سی ہلکی زنجیریں نہیں ہیں - وہ ماں باپ کی اطاعت اور فرماں برداری کرتا ہے، کیونکہ اسکے ایک ہی حاکم نے ایسا کرنے کا حکم دیا ہے - وہ دوستوں سے محبت رکھتا ہے، کیونکہ اُسے رفیقوں اور ساتھیوں کے ساتھ سچے برتاؤ کی تلقین کی گئی ہے - وہ اپنے سے ہر بزرگ اور ہر بڑے کا ادب ملحوظ رکھتا ہے، کیونکہ اسکے ادب آموز حقیقی نے اسے ایسا ہی بتلایا ہے - وہ پادشاہوں اور حاکموں کا حکم بھی مانتا ہے، کیونکہ حاکموں کے ایسے حکموں کے ماننے سے اُسے نہیں روکا گیا ہے جو اسکے حاکم حقیقی کے حکموں کے خلاف نہوں - وہ دنیا کے ایسے پادشاہوں کی اطاعت بھی کرتا ہے جو اسکی آسمانی پادشاہت کی اطاعت کرتے ہیں کیونکہ اسے تعلیم دی گئی ہے کہ وہ ہمیشہ ایسا ہی کرے -

لیکن یہ سب کچھ جو وہ کرتا ہے، تو اسلیے نہیں کرتا کہ ان سب کے اندر کوئی حکم ماننا اور انکو جھکنے کی جگہ سمجھتا ہے، بلکہ صرف اسلیے کہ طاعت ایک ہی کیلیے ہے، اور حکم صرف ایک ہی کا ہے - جب اُس ایک ہی حکم دینے والے نے ان سب باتونکا حکم دیدیا، تو ضرور ہے کہ خدا کیلیے اِن سب بندوں کو بھی مانا جاے، اور اللہ کی اطاعت کی خاطر وہ اسکے بندوں کا بھی مطیع ہوجاے !

* * *

پس فی الحقیقت دنیا میں ہر انسان کیلیے بے شمار حاکم اور بہت سی جھکانے والی قوتیں ہیں - لیکن مومن کیلیے صرف ایک ہی ہے - اسکے سوا کوئی نہیں - وہ صرف اسی کے آگے جھکتا ہے، اور صرف اُسی کو مانتا ہے - اسکی اطاعت کا حق ایک ہی کو ہے، اسکی پیشانی کے جھکنے کی چوکھٹ ایک ہی ہے، اور اسکے دل کی خریداری کیلیے بھی ایک ہی خریدار ہے - وہ اگر دنیا میں کسی دوسری ہستی کی اطاعت کرتا بھی ہے تو صرف اُسی ایک کیلیے، اسلیے اسکی بہت سی اطاعتیں بھی اُس ایک ہی اطاعت میں شامل ہو جاتی ہیں :

مقصود ما ز دیر و حرم جز حبیب نیست
ہرجا کنیم سجدہ بداں آستاں رسد !

حضرت یوسف ( علیہ السلام ) نے قید خانے میں اپنے ساتھیوں سے کیا پوچھا تھا ؟

ارباب متفرقون خیر ام اللہ الواحد القہار ؟ ( ۱۲ : ۳۹ ) — بہت سے معبود بنالینا بہتر ہے یا ایک ہی قہار و مقتدر خدا کو پوجنا ؟

یہی وہ خلاصۂ ایمان و اسلام ہے، جسکی ہر مومن و مسلم کو قرآن کریم نے تعلیم دی ہے کہ :

ان الحکم الا للہ، امر الا تعبدوا الا ایاہ ! — "تمام جہان میں اللہ کے سوا کوئی نہیں جسکی حکومت ہو - اس نے ہمیں حکم دیا ہے کہ اسکے سوا اور کسی کو نہ پوجیں اور نہ کسی کو اپنا معبود بنائیں"

یہی " دین قیم " ہے جسکی پیروی کا حکم دیا گیا :

ذالک الدین القیم، و لکن اکثر الناس لا یعلمون ( ۱۲ : ۴۰ )

* * *

حدیث صحیح ہے کہ فرمایا :

لا طاعۃ لمخلوق فی معصیۃ الخالق ! ( بخاری و مسلم ) . — جس بات کے ماننے میں خدا کی نافرمانی ہو، اسمیں کسی بندے کی فرماں برداری نہ کرو !

اسلام نے یہ کہکر فی الحقیقت اُن تمام ما سوی اللہ اطاعتوں اور فرماں برداریوں کی بندشوں سے مومنوں کو آزاد و حر کامل کردیا، جنکی بیڑیوں سے تمام انسانوں کے پانوں بوجھل ہو رہے تھے، اور اس ایک ہی جملہ میں انسانی اطاعت اور پیروی کی حقیقت اس وسعت اور احاطہ کے ساتھہ سمجھا دی کہ اسکے بعد اور کچھہ باقی نہ رہا - یہی ہے جو اسلامی زندگی کا دستور العمل ہے، اور یہی ہے جو مومن کے تمام اعمال و اعتقادات کی ایک مکمل تصویر ہے - اس تعلیم الہی نے بتلادیا ہے کہ جتنی اطاعتیں، جتنی فرماں برداریاں، جتنی وفاداریاں، اور جسقدر بھی تسلیم و اعتراف ہے، صرف اُسی وقت تک کیلیے ہے، جب تک کہ بندے کی بات ماننے سے خدا کی بات نہ جاتی ہو، اور دنیا والوں کے وفادار بننے سے خدا کی حکومت کے آگے بغاوت نہ ہوتی ہو - لیکن اگر کبھی ایسی صورت پیش آجاے کہ اللہ اور اسکے بندوں کے احکام میں مقابلہ آ پڑے، تو پھر تمام طاعتوں کا خاتمہ، تمام عہدوں اور شرطوں کی شکست، تمام رشتوں اور ناطوں کا انقطاع، اور تمام دوستیوں اور محبتوں کا اختتام ہے - اس وقت نہ کوئی حاکم حاکم ہے نہ پادشاہ پادشاہ، نہ باپ باپ ہے نہ بھائی بھائی - سب کے آگے تمرد، سب کے ساتھہ انکار، سب کے سامنے سرکشی، سب کے ساتھہ بغاوت - پہلے جسقدر نرمی تھی، اتنی ہی اب سختی چاہیے ! پہلے جسقدر اعتراف تھا، اتنا ہی اب تمرد چاہیے - پہلے جسقدر فرماں برداری تھی، اتنی ہی اب نافرمانی مطلوب ہے - پہلے جسقدر جھکاؤ تھا، اتنا ہی اب غرور ہو - کیونکہ رشتے کٹ گئے اور عہد توڑ ڈالے گئے - رشتہ دراصل ایک ہی تھا اور یہ سب رشتے اسی ایک رشتے کی خاطر تھے - حکم ایک ہی کا تھا، اور یہ سب اطاعتیں اُسی ایک کی اطاعت کیلیے تھیں - جب

إنكے ماننے میں أس سے انكار' اور إنكي وفاداري میں أس سے بغاوت هونے لگي' تو جس كے حكم سے رشته جوڑا تها' أسي كي تلوار نے كاٹ بهي دیا' اور جسكے هاتهه نے ملایا تها' اسي كے هاتهه نے الگ بهي كر دیا كه لا طاعة لمخلوق في معصیة الخالق !

سرور كائنات اور سید المرسلین ( صلعم ) سے بڑهكر مسلمانوں كا كون آقا هوسكتا هے؟ لیكن خود أس نے بهي جب عقبه میں انصار سے بیعت لي' تو فرمایا كه والطاعة في معروف (١) میري اطاعت تم پر أسي وقت تك كیلیے واجب هے' جب تك كه میں تم كو نیكي كا حكم دوں - جب اس شهنشاه كونین كي اطاعت مسلمانوں پر نیكي و معروف كے ساتهه مشروط هے تو پهر دنیا میں كون پادشاه' كونسي حكومت' كون سے پیشوا' كون سے رهنما' اور كونسي قوتیں ایسي هوسكتي هیں جنكي اطاعت ظلم و عدوان كے بعد بهي همارے لیے باقي رهے؟

آدم كي اولاد دو كي محكوم نهیں هوسكتي - وه ایك سے ملیگي' دوسرے كو چهوڑیگي - ایك سے جوڑیگي' دوسرے سے كٹیگي - پهر خدا را مجهے بتلاؤ كه ایك مومن كس كو چهوڑیگا اور كس سے ملیگا؟ ایك ملك كے دو پادشاه نهیں هوسكتے - ایك باقي رهیگا - ایك كو چهوڑنا پڑیگا - پهر مجهے بتلاؤ كه مومن كي اقلیم دل كس كي پادشاهت قبول كریگي؟ كیا وه اس سے ملیگا جسكي حالت یه هے كه:

| | |
|---|---|
| و یقطعون ما امر الله به ان یوصل؟ ( ٢ : ٢٥ ) | خدا نے جسكو جوڑنے اور ملانے كا حكم دیا هے وه أسے توڑتے اور جدا كرتے هیں! |

كیا أسكي پادشاهت قبول كریگا جسكي حالت كي تصویر یه هے؟

| | |
|---|---|
| و یفسدون في الارض' اولائك هم الخاسرون ! ( ٢ : ٢٥ ) | وه دنیا میں فتنه و فساد پهیلاتے هیں اور انجام كار وهي ناكام و نامراد رهینگے ! |

اور كیا أسكي پادشاهت سے گردن موڑ لیگا جو پكارتا هے كه:

| | |
|---|---|
| یا ایها الانسان ! ما غرك بربك الكریم ! (٨٢ : ٦) | اے غافل انسان ! كیا هے جسكے گهمنڈ نے تجهے اپنے مهربان اور پیار كرنے والے آقا سے سركش بنا دیا هے؟ |

مگر آه' یه كیسے هوسكتا هے؟

| | |
|---|---|
| كیف تكفرون بالله وكنتم امواتاً فاحیاكم' ثم یمیتكم' ثم یحییكم' ثم الیه ترجعون ! ( ٢ : ٢ ) | تم أس شهنشاه حقیقي كي حكومت سے كیونكر انكار كروگے جس نے تمهیں أس وقت زنده كیا جبكه تم مرده تهے - وه تم پر پهر موت طاري كریگا - اسكے |

بعد دوباره زندگي بخشے گا' پهر تم سب أسي كے پاس بلا لیے جاؤ گے !

دنیا اور اسكي پادشاهیاں فاني هیں - انكے جبروت و جلال كو ایك دن مٹنا هے - خداے منتقم و قهار كے بهیجے هوے فرشته هاے عذاب انقلاب و تغیرات كے حربے لیكر أترنے والے هیں - أنكے قلعے مسمار هوجائینگے - انكي تلواریں كند هوجائینگي' انكي فوجیں هلاك هونگي' انكي توپیں انكو پناه نه دینگي - انكے خزانے انكے كام نه آئینگے - انكي طاقتیں نیست و نابود كردي جائینگي - انكا تاج غرور انكے سر سے أتر جائیگا - انكا تخت جلال و عظمت واژگوں اُلٹ جائیگا :

| | |
|---|---|
| و یوم تشقق السماء بالغمام و نزل الملائكة تنزیلا - الملك یومئذ للرحمن و كان یوماً على الكافرین عسیرا ( ٢٥ : ٢٨ ) | اور جس دن آسمان ایك بادل كے ٹكڑے پر سے پهٹ جائیگا' اور اس بادل كے اندر سے فرشتے جوق جوق آتارے جائینگے - اس دن كسي كي پادشاهت باقي نه رهیگي - صرف خداے رحمن هي |

كي حكومت هوگي' اور یاد ركهو كه وه دن كافروں كیلیے بهت هي سخت دن هوگا ! !

پهر أس دن جبكه رب الافواج اپنے هزاراں هزار قدوسیوں كے ساتهه نمودار هوگا اور ملكوت السماوات والارض كا نقیب پكاریگا :

| | |
|---|---|
| لمن الملك الیوم؟ لله الواحد القهار ! ( ٤٠ : ١٦ ) | آجكے دن كس كي پادشاهي هے؟ كسي كي نهیں' صرف خداے واحد و قهار كي ! ! |

تو اس وقت كیا عالم هوگا أن انسانوں كا' جنهوں نے پادشاه ارض و سماء كو چهوڑ كر مٹي كے تودوں كو اپنا پادشاه بنا لیا هے' اور انكے حكموں كي اطاعت كو خدا كے حكموں كي اطاعت پر ترجیح دیتے هیں؟ آه أس دن وه كهاں جائینگے جنهوں نے انسانوں سے صلح كرنے كیلیے خدا سے جنگ كي' اور اپنے أس ایك هي آقا كو همیشه اپنے سے روٹها هوا ركها؟ وه پكارینگے پر جواب نه دیا جائیگا - وه فریاد كرینگے پر سني نه جائیگي وه توبه كرینگے پر قبول نه هوگي - وه نادم هونگے پر ندامت كام نه دیگي !

اے انسان ! أس دن كیلیے تجهه پر افسوس هے ! ویل یومئذ للمكذبین ( ٨٦ : ١٥ )

| | |
|---|---|
| وقیل ادعوا شركاءكم فلم یستجیبوا لهم ! | انسے كها جائیگا كه اب اپنے أن خداوندوں اور حاكموں كو پكارو جنكو تم خدا كي طرح مانتے تهے اور خدا كي طرح أنسے ڈرتے تهے - وه پكارینگے' پر كچهه جواب نه پائینگے ! |

پس وه معلم الهي' وه داعي رباني' وه مبشر و منذر' وه رحمة للعالمین' وه محبوب رب العالمین' وه سلطان كونین' آگے بڑهیگا' اور حضور خداوندي میں عرض كریگا :

| | |
|---|---|
| وقال الرسول : یا رب ان قومي اتخذوا هذا القران مهجورا ! ( ٢٥ : ٣٢ ) | اے پروردگار ! افسوس هے كه میري أمت نے قرآن كي هدایتوں اور تعلیموں پر عمل نه كیا اور اس سے اپنا رشته كاٹ لیا - اسي كا یه نتیجه هے جو وه آج بهگت رهے هیں ! |

اللهم صل وسلم علیه وعلى اله و صحبه و اتباعه الى یوم الدین !

* * *

پس سفر سے پہلے زاد راه كي فكر كرلو ! اور طوفان سے پہلے كشتي بنا لو - كیونكه سفر نزدیك هے' اور طوفان كے آثار ظاهر هوگئے هیں - جنكے پاس زاد راه نهوگا وه بهوكے مرینگے' اور جنكے پاس كشتي نهوگي وه سیلاب میں غرق هو جائینگے - جب تم دیكهتے هو كه مطلع غبار آلود هوا اور دن كي روشني بدلیوں میں چهپ گئي' تو تم سمجهتے هو كه برق و باراں كا وقت آ گیا - پهر تمهیں كیا هوگیا هے كه دنیا كي امن و سلامتي كا مطلع غبار آلود هو رها هے' دین الهي كي روشني ظلمت كفر و طغیان میں چهپ رهي هے' مگر تم یقین نهیں كرتے كه موسم بدلنے والا هے' اور طیار نهیں هوتے كه انساني پادشاهتوں سے كٹ كر خدا كي پادشاهت كے مطیع هو جاؤ؟ كیا تم نهیں چاهتے كه خدا كے تخت جلال كي منادي پهر بلند هو' اور اسكي زمین صرف اسي كیلیے هو جاے' حتى لا تكون فتنة و یكون الدین لله ( ٢ : ١٨٩ )؟

\+ + +

اه ! هم بهت سوچكے اور غفلت و سرشاري كي انتها هوچكي هم نے اپنے خالق سے همیشه غرور كیا لیكن مخلوقوں كے سامنے كبهي بهي فروتني سے نه شرماے - همارا وصف یه بتلایا گیا تها كه :

| | |
|---|---|
| اذلة على المومنین اعزة على الكافرین ! ( ٥ : ٥٧ ) | مومنوں كے ساتهه نهایت عاجز و نرم مگر كافروں كے مقابلے میں نهایت مغرور و سخت - |

( تصحیح ) پہلے فارم كے دیكهنے سے معلوم هوا كه عربي فاتحهٔ جلد خامس میں كئي غلطیاں رهگئي هیں - دوسرے صفحه - سطر ٣٢ میں " یستوي في ذالك جمیع البلاد " هے - حالانكه " جمیع " كا لفظ اوپر كي سطر كیلیے پروف میں لكها تها گیا جو وهاں دیدیا گیا - اصلي عبارت یوں هے : تستوي في ذالك البلاد الاسلامیه -

ہمارے اسلاف کرام کی یہ تعریف کی گئی تھی کہ :

اشداء علی الکفار ' کافروں کے لیے نہایت سخت ہیں پر آپسمیں

رحمـاء بینھـــم ! نہایت رحم والے اور مہربان !

پر ہم نے اپنی تمام خوبیاں گنوا دیں' اور دنیا کی مغضوب قوموں کی تمام برائیاں سیکھہ لیں - ہم اپنوں کے آگے سرکش ہوگئے اور غیروں کے سامنے ذلت سے جھکنے لگے - ہم نے اپنے پروردگار کے آگے دست سوال نہیں بڑھایا لیکن بندوں کے دستر خوان کے گرے ہوے ٹکڑے چننے لگے - ہم نے شہنشاہ ارض و سما کی خداوندی سے نافرمانی کی مگر زمین کے چند جزیروں کے مالکوں کو اپنا خداوند سمجھہ لیا - ہم پورے دن میں ایک بار بھی خدا کا نام ہیبت اور خوف کے ساتھہ نہیں لیتے ' پر سیکڑوں مرتبہ اپنے غیر مسلم حاکموں کے تصور سے لرزتے اور کانپتے رہتے ہیں !

یا ایها الانسان ما غرک بربک الکریم ' الذي خلقک فسواک فعدلک' في اي صورة ما شاء رکبک' کلا ' بل تکذبون بالـدین' و ان علیکم لحفظین' کراماً کاتبین' یعلمون ما تفعلون - ان الابرار لفي نعیم' و ان الفجـار لفي جحیـم' یصلونها یوم الـــدین' و ما هم عنها بغائبین ' و ما ادراک ما یــوم الدین؟ ثم ما ادراک ما یوم الدین؟ یوم لا تملـک نفس لنفس شیأ' و الامر یومئذ لله! ( ۸۲ : ۶ )

اے سرکش انسان ! کس چیز نے تجھے اپنے مہربان اور محبت کرنے والے پروردگار کي جناب میں گستاخ کر دیا ہے ؟ وہ کہ اس نے تجھے پیدا کیا ' تیري ساخت درست کي ' تیري خلقت کو اعتدال بخشا ' اور جس صورت میں چاها تیري شکل کي ترکیب کي' پھر یہ کس کي وفاداري ہے جس نے تجھے اس سے باغي بنا دیا ہے ؟ نہیں' اصل یہ ہے کہ تمھیں اسکي حکومت کا یقین هي نہیں ' حالانکہ تم پر اسکي طرف سے ایسے بزرگ نگرانکار متعین هیں' جو تمہارے اعمال کا ہر آن احتساب کرتے رہتے ہیں' اور تمہارا کوئي فعل بھی انکي نظر سے مخفي نہیں - یاد رکھو کہ ہم نے ناکامي اور کامیابي کي ایک تقسیم کردي ہے- خدا کے اطاعت گذار بندے عزت و مراد اور فتح و کامراني کے عیش و نشاط میں رہینگے ' اور بدکار و نا فرمان خدا کي پادشاهي کے دن نامرادي و هلاکت کے عذاب میں مبتلا ہونگے ' جس سے کبھي نکل نہ سکیں گے - یہ خدا کي پادشاهي کا دن کیا ہے؟ وہ دن جسمیں کوئي کسي کے لیے کچھہ نہ کر سکے گا اور صرف خدا هي کي اُس دن حکومت ہوگي !

اس سے پہلے کہ خدا کي پادشاهي کا دن نزدیک آے' کیا بہتر نہیں کہ اسکے لیے ہم اپنے تئیں طیار کرلیں؟ تا وہ جب اُس کا مقدس دن آے تو ہم یہ کہکر نکال نہ دیے جائیں کہ تم نے غیروں کي حکومت کے آگے خدا کي حکومت کو بھلا دیا تھا' جبکہ آج خدا کي پادشاہت میں بھي تم بالکل بھلا دیے گئے ہو! لا بشری یومئذ للمجرمین :

و قیل الیوم ننساکم کما نسیتم لقاء یومکم هذا و ماواکم النـار و ما لکم من ناصرین - ذالــکم بانکــم اتخذتم آیات الله هزواً و غرتکم الحیاة الدنیا' فالیوم لا یخرجون منها ولا هم یستعتبون! ( ۴۵ : ۳۳ )

اور اُس وقت ان سب سے کہا جائیگا کہ جس طرح تم نے اِس دن کي حکومت الهي کو بھلا دیا تھا' آج ہم بھي تم کو بھلا دینگے - تہارا ٹھکانا آگ کے شعلے ہیں اور کوئي نہیں جو تمہارا مدد گار ہو - یہ اس کي سزا ہے کہ تم نے خدا کي آیتوں کي هنسي اڑائي' اور دنیا کي زندگي اور اسکے کاموں نے تمھیں دھوکے میں ڈال رکھا - پس آج نہ تو عذاب سے تم نکالے جاؤگے' اور نہ هي تمھیں اسکا موقع ملے گا کہ توبہ و استغفار کرکے خدا کو منالو' کیونکہ اسکا وقت تم نے کھو دیا!

* * *

آج خدا کي حکومت اور انساني پادشاهتوں میں ایک سخت جنگ برپا ہے - شیطان کا تخت زمین کے سب سے بڑے حصے پر بچھا دیا گیا ہے - اسکے گھرانے کي وراثت اسکے پوجنے والوں میں تقسیم کردي گئي ہے' اور " دجال " کي موج ہر طرف پھیل گئي ہے - یہ شیطاني پادشاهتیں چاهتي هیں کہ خدا کي حکومت کو نیست و نابود کردیں - انکي دهني جانب دنیوي لذتوں اور عزتوں کي ایک ساحرانہ جنت ہے' اور بائیں جانب جسماني تکلیفوں اور عقوبتوں کي ایک دکھائي دینے والي جہنم بھڑک رهي ہے - جو فرزند آدم خدا کي پادشاہت سے انکار کرتا ہے' یہ دجال کفر و ظلمت اسپر اپني جادو کي جنت کا دروازہ کھولدیتے ہیں کہ حق پرستوں کي نظر میں في الحقیقت خدا کي لعنت اور پھٹکار کي جہنم ہے : لابثین فیها احقاباً لا یذوقون فیها برداً و لا اشرابا ( ۷۸ : ۲۳ ) اور جو خدا کي پادشاہت کا اقرار کرتے ہیں' انکو اپني ابلیسي عقوبتوں اور جسماني سزاؤں کي جہنم میں دھکیل دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ : حرقوہ و انصروا الهتکم ( ۲۱ : ۶۸ ) مگر في الحقیقت سچائي کے عاشقوں اور راستي بازي کے پرستاروں کیلیے وہ جہنم جہنم نہیں ہے - لذتوں اور راحتوں کي ایک جنة النعیم ہے' کیونکہ انکے اسلام و ایمان و ایقان کي صدا یہ ہے کہ :

فاقض ما انت قاض ! انما تقضي هذه الحیاة الدنیا ! انا امنا بربنا لیغفرلنا خطایانا ( ۲۰ : ۷۵ )

اے دنیوي سزاؤں کي طاقت پر مغرور ہونے والے پادشاہ ! تو جو کچھہ کرنے والا ہے کر گذر ! تو صرف دنیا کي اس زندگي اور گوشت اور خون کے جسم هي پر حکم چلا سکتا ہے پس چلا دیکھہ ! ہم تو اپنے پروردگار پر ایمان لاچکے هیں تاکہ همارے خطاؤں کو معاف کرے - تیري دنیاوي سزائیں همیں اس کي راہ سے باز نہیں رکھہ سکتیں !

جبکہ یہ سب کچھہ ہورہا ہے' اور زمین کے ایک خاص ٹکڑہ هي میں نہیں بلکہ اسکے ہر گوشے میں آج یہي مقابلہ جاري ہے' تو بتلاؤ ' پرستاران دین حنیفي اُن نتائج کفر و شیطنت اور اس حکومت و امر الهي میں سے کس کا ساتھہ دینگے ؟ کیا ان کو اُس آگ کے شعلوں کا ڈر ہے جو دجال کي حکومت اپنے ساتھہ ساتھہ سلگاتي آتي ہے ؟ لیکن کیا انکو معلوم نہیں کہ انکا مورث اعلی کون تھا ؟ دین حنیف کے اولین داعي نے بابل کي ایک ایسي هي سرکش حکومت کے مقابلے میں خدا کي حکومت کو ترجیح دي' اور اُسے آگ میں ڈالنے کیلیے شعلے بھڑکاے گئے' پر اسکي نظر میں هلاکت کے وہ شعلے گلزار بہشت کے شگفتہ پھول تھے : قلنا یا نار کوني برداً و سلاماً علی ابراهیم ! ( ۲۱ - ۶۹ )

کیا انکے دلمیں دنیوي لذتوں اور عزتوں کي اُس جھوٹي جنت کي طمع پیدا ہوگئي ہے جسکے فریب باطل سے یہ جنود شیطاني انساني روح کو فتنہ میں ڈالنا چاهتي ہے ؟ اگر ایسا ہے تو کیا انھیں خبر نہیں کہ مصر کا پادشاہ حکومت الهي کا منکر ہوکر اپني عظیم الشان گاڑیوں اور بڑي بڑي رتھوں سے اور اُس ملک سے جس پر اسے " رب اعلی " ہونے کا گھمنڈ تھا' کتنے دن متمتع ہوسکا ؟

ان فرعون علا فی الارض و جعل اهلهــا شیعاً یستضعف طائفة منهم یذبح ابناءهم و یستحیی نســاءهم ' انه کان من

فرعون ارض مصر میں بہت هي بڑھہ چڑھہ نکلا تھا - اس نے ملک کے باشندوں میں تفریق کرکے الگ الگ گروہ قرار دے رکھے تھے - ان میں سے ایک گروہ بني اسرائیل کو اسقدر کمزور اور بے بس

المفسدین - و نرید ان نمن علی الذین استضعفوا فی الارض و نجعلهم ائمة و نجعلهم الوارثین - و نمکن لهم فی الارض و نری فرعون و هامان و جنودهما منهم ما کانوا یحذرون - ( ۲۸ : ۳ )

سمجهه رکها تها که انکے فرزندوں کو قتل کرتا اور انکے اعراض و ناموس کو برباد کرتا - اسمیں شک نہیں که وہ زمین کے مفسدوں میں سے بڑا هی مفسد تها - لیکن با ایں همه همارا فیصله یه تها که جو قوم اس کے ملک میں سب سے زیادہ کمزور سمجهی گئی تهی ' اسی پر احسان کریں ' اُسی قوم کے لوگوں کو وهاں کی سرداری و ریاست بخشیں ' اُنهی کو وهانکی سلطنت کا وارث بنائیں ' اور انهی کی حکومت کو تمام ملک میں قائم کرا دیں - اس سے همارا مقصد یه تها فرعون و هامان اور اسکے لشکر کو جس ضعیف قوم کی طرف سے بغاوت و خروج کا کهٹکا لگا رهتا تها ' اسی کے هاتهوں انکے ظلم و استبداد کا نتیجه انکے آگے آئے !

* * *

مسلمانو ! کیا متاع آخرة بیچ کر دنیا کے چند خزف ریزوں پر قناعت کی خواهش هے ؟ کیا الله کی حکومت سے باغی رهکر دنیا کی حکومتوں سے صلح کرنے کا اراده هے ؟ کیا نقد حیات ابدی بیچکر معیشت چند روزہ کا سامان کررهے هو ؟ کیا تمهیں یقین نہیں که :

ما هذه الحیاة الدنیا الا لهو و لعب ' و ان الدار الاخرة لهی الحیوان ( ۲۹ : )

یه دنیا کی زندگی ( جو تعلق الهی سے خالی هے ) اسکے سوا اور کیا هے که فانی خواهشوں کے بهلانے کا ایک کهیل هے ؟ اصلی زندگی تو آخرة هی کی زندگی هے جسکے لیے اس زندگی کو طیار کرنا چاهیے -

اگر تم صرف دنیا هی کے طالب هو ' جب بهی اپنے خدا کو نه چهوڑو - کیونکه وہ دنیا و آخرت دونوں بخشنے کیلیے طیار هے - تم کیوں صرف ایک هی پر قناعت کرتے هو ؟

و من کان یرید ثواب الدنیا فعند الله ثواب الدنیا و الاخرة (۴: ۱۳۳)

اور جو شخص دنیا کی بهتری کا طالب هے ' اس سے کهدو که صرف دنیا هی کیلیے کیوں هلاک هورها هے ؟ حالانکه خدا تو دین اور آخرة دونوں کی بهتری دیسکتا هے - وہ خدا کے پاس آئے اور آخرة کے ساتهه دنیا کو بهی لے !

مسلمانو ! پکارنے والا پکار رها هے که اب بهی خدائے قدوس کی سرکشی و نافرمانی سے باز آجاؤ ' اور پادشاہ ارض و سماء کو اپنے سے روٹها هوا نه چهوڑو ' جسکے روٹهنے کے بعد زمین و آسمان کی کوئی هستی بهی تم سے من نہیں سکتی ! اس سے بغاوت نکرو ' بلکه دنیا کی تمام طاقتوں سے باغی هوکر صرف اسی کے وفادار هوجاؤ !

پهر کوئی هے جو اس آواز پر کان دهرے ؟ فهل من مستمع ؟ آسمانی پادشاهت کے ملائکهٔ مکرمین اور قدوسیان مقربین اپنے نورانی پروں کو پهیلائے هوے اُس راست باز روح کو ڈهونڈه رهے هیں جو مخلوق کی پادشاهت چهوڑکر خالق کی حکومت میں بسنا چاهتی هے - کون هے جو اُس پاک مسکن کا طالب هو ' اور پاکباز روحوں کی طرح پکار اٹهے که :

ربنا اننا سمعنا منادیا ینادی للایمان ان آمنوا بربکم ' فآمنا - ربنا فاغفرلنا ذنوبنا و کفر عنا سیاٰتنا و توفنا مع الابرار ! ربنا و آتنا ما وعدتنا علی رسلک و لا تخزنا یوم القیامة ' انک لا تخلف المیعاد ! ! ( ۳ : ۱۹۰ )

اے همارے حقیقی پادشاہ ! هم نے ایک پکارنے والے کی آواز سنی جو تیری پادشاهت کی آواز دے رها تها - اے همارے ایک هی پادشاہ ! هم نے تیری پادشاهت قبول کی پس همارے گناہ معاف کر ! همارے عیوب پر پردہ ڈال ! اپنے نیک بندوں کی معیت میں همارا خاتمه کر ! تو نے اپنے منادی کرنے والوں کی زبانی هم سے جو وعدے کیے تهے ' وہ پورے کر ! اور اپنی آخری پادشاهت میں همیں ذلیل و خوار نکر که تو اپنے وعدوں سے کبهی ٹلتا نہیں !!

# زمیـــندار کی اپیـــل

گذشته هفته کی اشاعت میں قارئین کرام یه خبر پڑهچکے هیں که " زمیندار پریس " لاهور کی اپیل کا فیصله هوگیا - ضمانت او ر ضبطی ' دونوں کی اپیلیں نا منظور هوئیں -

اس خبر کو سنکر نه تو همیں افسوس هوا اور نه تعجب - هم نے اسکو سنا اور بالکل اسی سنجیدگی اور اطمینان کے ساتهه سنا جس طرح ایک عامة الورود اور متوقع واقعه کی خبر کو سننا چاهیے - تعجب همیشه اس واقعه پر هوتا هے جو توقع کے خلاف هو ' اور شکایت اُسی وقت آتی هے جب امید آگے جاچکی هو - لیکن جبکه توقع پیدا هی نه هوئی تو تعجب کس بات پر کیا جاے ؟ اور جهاں امید نے قدم نہیں رکها وهاں اسکے جانے کا صدمه کیوں هو ؟ نظائر و نتائج کا وافر ذخیرہ همارے سامنے موجود هے ' اور وہ اس درس حقیقت کیلیے کافی هے که بحالت موجوده همیں کیا توقعات رکهنی چاهییں ؟ هندوستان اپنی سیر حیات اور دوران بقاؤ ممات کی جس منزل سے گذر رها هے ' وہ دنیا میں همیشه قوموں اور ملکوں کو پیش آچکی هے ' اور همارا معامله نیا نہیں هے - اس منزل کے سوانح تاریخ میں بهی پڑهے جاسکتے هیں جبکه وہ گذشته حکایتیں سناتی هے اور موجودہ عهد کے واقعات میں بهی دیکها جاسکتا هے جو دنیا کے مختلف حصوں میں پیش آرهے هیں - یه منزل پہلی هے جهاں پہنچکر آینده منزلوں کیلیے طیار هونا چاهیے - پہلی منزل هی کے مشاهدات سے بے همت هوکر رهروان مقصود کو گریز نہیں کرنا چاهیے -

اس منزل میں پہنچکر توقعات کا پیمانه اولٹ دیا جاتا هے اور امیدیں یکسر منقلب هوجاتی هیں - یهاں جسقدر بهی ناکامی و مایوسی اور ضعف و مشار هو ' عین متوقع اور بالکل امیدوں کے مطابق هے ' اور جب کبهی حق و حقیقت کی صورت نظر آجاے ' بالکل خلاف توقع اور محض غیر متوقع هے - پہلی صورت کو پوری سنجیدگی کے ساتهه جهیلنا چاهیے ' مگر دوسری حالت پر تعجب و حیرت کرنا چاهیے !

پس اگر تم دیکهو که کلکته هائی کورٹ میں رساله مظالم مدونیه کا مقدمه ناکام رها تو تم کو بالکل متعجب نه هونا چاهیے کیونکه دراصل ایسا هی هونا چاهیے تها - لیکن جب تم چیف جسٹس کی اُس رائے کو پڑهو جو پریس ایکٹ کے متعلق دی گئی هے ' تو سخت تعجب کرو کیونکه یه بالکل توقع کے خلاف هے !

اسی طرح اگر نرمل کانت کلکته هائی کورٹ سے رهائی پا گیا تو یه بالکل خلاف توقع هے - لیکن اگر زمیندار کی اپیل چیف کورٹ لاهور میں نا منظور کردی گئی تو یه بالکل ٹهیک هے ' اور کوئی وجه نہیں که اسپر تعجب کیا جاے کیونکه ایسا هی هونا بهی چاهیے تها :

و ما تخفی صدورهم اکبر ' قد بینا لکم الایات ان کنتم مومنین !

پس همیں زمیندار کی اپیل کے خارج هونے پر ذرا بهی تعجب نہیں هے اور نه اس سے هماری تاسف انگیز معلومات میں کوئی اضافه هوا هے - جب پریس ایکٹ کے تسلط و احاطهٔ مستبدانه کے آگے کلکته هائی کورٹ کی شاندار عدالتی روایات بهی کچهه کام نه دیسکیں ' اور وہ جماعت بهی کے گورنمنٹ هند کے ایک کرور روپیه سے زیاده قیمت کے مقدمات کو انصاف اور حقیقت کے آگے کوئی چیز نه سمجهتا تها ' بالکل مجبور هوگئی که پریس ایکٹ کے ایک محض بے قیمت عمل کے آگے اپنی بے بسی کا اعتراف کرے ' تو پهر ظاهر هے که اور عدالتوں سے کیا امید هوسکتی هے ؟

البته نہایت ضروری هے که واقعات مقدمه پر تفصیل و بسط سے نظر ڈالی جاے ' کیونکه وہ بہت هی عجیب هیں ' اور کامیابی و ناکامی سے قطع نظر ' جس طریقه سے اثبات جرم کا کام لیا گیا هے ' اسکا اثر نہایت وسیع اور مخدوش هے - هم انشاء الله تفصیلی نظر ڈالنے سے باز نہیں رهینگے -

# مقالات

## بـاب التفسیر : قسم علمـي

## اختــلاف الــوان

## صفـحـة من علم الـحیـوان

## ( ۲ )

هم نے گذشته نمبر میں قرآن کریم کي وہ آیتیں جمع کردي تھیں جن میں رنگوں کے اختلاف و ظہور کی طرف اشارہ کیا ہے - اور آخر میں حسب ذیل نتائج اخذ کیے تھے :

( ۱ ) قرآن کریم کي آیات سے واضح ہوتا ہے که مثل اور بے شمار مظاهر خلقت کے رنگتوں کا اختلاف بھی خدا کي قدرت کي ایک بہت بڑي نشاني ہے -

( ۲ ) اختلاف الوان کے اندر قدرت الهي کي حکمتیں اور مصلحتیں پوشیدہ هیں جنکو صاحبان عقل و فکر هي سمجھه سکتے هیں

( ۳ ) اختــلاف الــوان ایک قانون ہے جو هر نوع میں جاري و ساري ہے - پس یه کیسے هوسکتا ہے که ایک ایسا عام ظہور مصالح و اسرار پر مبني نہو' جبکه قدرت الهیه کا کوئي فعل حکمت سے خالي نہیں ؟

اسکے بعد هم نے لکھا تھا که شارحین علم کي تحقیقات اس بارے میں معلوم کرني چاهیے که وہ اختــلاف الــوان کو کس نظـر سے دیکھتے هیں ؟

آج هم صرف حیوانات کی رنگتوں کے اختلاف پر نظر ڈالینگے

( اختــلاف الــوان اور علــم الحیوان )

یه مسـئلـه علم الحیات ( بایو لوجي ) اور علم الحیوانات ( زوا لوجي ) کا مشترک موضوع ہے -

جسقدر تحقیقات اس وقت تک هوئي هیں' وہ گو ایک مرتب صورت میں مدون کردي گئي هیں' تاهم انهیں ابتدائي درجه سے آگے بڑھنے کا موقع نہیں ملا ہے ' کیونکه مقاصد و علل کا بہت کم حصه سامنے آیا ہے اور بہت بڑا میدان ابھي باقي ہے -

علماے " وظائف الاعضا " ( فزیو لوجي ) کے ایک گروہ کي تحقیقات یه ہے که حیوانات میں اختلاف الوان محض فزیو لوجیکل اسباب سے پیدا هوا ہے ' اور اسمیں قدرت کے کسي ارادے اور قصد یا تقدیر و تخمین کو دخل نہیں ہے ( فزیو لوجي کا صحیح ترجمه " علم وظائف الاعضا " ہے - " فزیو لوجیکل اسباب " یعنے وہ اسباب و موثرات جنکا تعلق علم وظائف الاعضا سے ہے ) پس هم پہلے انکي تحقیقات کا خلاصه درج کرتے هیں :

( فزیو لو جیکــــل اسبـــاب )

" مادي اشیاء خواہ وہ حیوانات هوں یا نباتات و جمادات ' انکے لیے اکثر حالتوں میں رنگ لازمي ہے - حیوانات اور نباتات ایک طرف رہے' جمادات میں بھي بمشکل کوئي ایسي مثال ملیگي جسکا پاني اور بعض خاص عناصر (گیس) کي طرح کوئي خاص رنگ نه هو - چونکه تمام حیوانات اور نباتات کے جسم جمادات سے مرکب هیں' اسلیے طبیعي طور پر انکے جسموں میں ان جمادات کے رنگوں کا موجود هونا ضروري ہے - البته هماري آنکھوں کو صرف وهي رنگ نظر آتا ہے جو جسم کي بالائي سطح سے قریب هوتا ہے- مگر جب کسي جسم کي تشریح کي جاتي ہے تو اسمیں ان تمام جمادات کے رنگ یا انکے آثار نظر آجاتے هیں جنسے انکا قوام مرکب هوتا ہے

علم الحیات کی اصطلاح میں حیوانات کي ایک قسم پروٹوزوا (Protozoa) ( ۱ ) یا حیوانات اولی ہے - جس قسم کے حیوانات پر اس اصطلاح کا اطلاق هوتا ہے انکی نسبت ایک اهم سوال یه ہے که کیا در حقیقت وہ سلسلهٔ حیوانات کا اولین حلقه هیں یا ان سے پہلے بھی کوئی اور کڑی هونی چاهیے ؟ قطعی جواب تو اسکا کوئی نہیں دیا گیا اور غالبا دیا بھی نہیں جا سکتا - البته به معلومات موجودہ یه مسلم ہے که اس وقت تک جسقدر حیوانات دریافت هوے هیں' ان سب میں بسیط ترین اور اولین حیوان یہی هیں -

ان حیوانات کے جسم سے ایک خاص قسم کا لیس دار مادہ نکلتا ہے - اس مادہ سے جب بالو کے ذرہ ملتے هیں تو فوراً چپک جاتے هیں اور ان سے ایک خول ( کیس ) سا تیار هوجاتا ہے - عموماً اس خول کا رنگ حیوان کے جسم کا رنگ سمجھا جاتا ہے - غور کرو که اسمیں رنگ کس شے کا هوگا ؟ ظاهر ہے که بالو کے علاوہ اور کسي شے کا نہیں هوسکتا -

حیوانات کے ظاهري اعضاء کی طرح اندروني اعضاء کے رنگ بھی مختلف هوتے هیں- مثلاً جگر کا رنگ اور ہے آنتوں کا اور' دل کا رنگ ایک ہے اور گردہ کا دوسرا - وهلم جرا - مگر ظاهري اعضاء کي طرح انکے رنگوں کا اختلاف بھي فزیا لوجیکل اسباب هي کا نتیجه ہے - چنانچه انکي ایمیاري تشریح کے نتائج اسکي تشفي بخش شهادت دیتے هیں " انتہی

( تحقیـق مـزید )

یہاں تک علم وظائف الاعضا کي اُس جماعت کے بیان کا خلاصه تھا جو کہتي ہے که اختلاف الوان محض حیوانات کی جسماني ترکیب کا ایک اتفاقي نتیجه ہے - اسمیں فطرة کے کسي خاص ارادہ اور مقصد کو دخل نہیں -

لیکن اگر اس تحقیق کو تسلیم کرلیا جاے تو اسکے معني یه هونگے که قرآن کریم کا اختلاف الوان کو قدرت الهي کي ایک نشاني قرار دینا اور بار بار " ان في ذالك لایات لقوم یتفکرون " ' " ان في ذالك لایات للعالمین " اور " ان في ذالك لذکری لاولی الالباب " کہنا ( نعوذ بالله ) بالکل باطل ہے ' کیونکه نشاني وهي چیز

---

(۱) " پروٹوزوا " کا مایه ترکیب دو یوناني لفظ (Protos) اور (Zoa) هیں جنکے معني علی الترتیب " ابتدائي " اور " حیوان " هیں - عربي میں پروٹوزوا کا ترجمه " حیوانات اولی " هوا ہے جو اس اصطلاح کے ٹھیک لفظي معني هیں -

هوسكتي هے جسكے اندر خلقت قدرتيه و فطرة كے اسرار و حكم اور معارف و مصالح پوشيده هوں ' ليكن اگر وه محض حيوانات كے جسماني حالات كا ايک ايسا نتيجه هے جسميں فطرة كے كسي خاص مقصد اور غرض كو دخل نهيں ' تو اسكے وجود و حكمت كي نشاني كيونكر هوسكتي هے ؟

به حيثيت مسلمان هونے كے هم اس تحقيق پر قانع نهيں هوسكتے ' كيونكه همارا اعتقاد يه هے كه " ربنا ! ما خلقت هذا باطلا ! " خدايا ! تونے اس عالم كائنات كي كوئي چيز بهي بغير كسي مقصد و مصلحت كے نهيں بنائي هے - اور هم كو بتلايا گيا هے كه : وما خلقنا السماء و الا رض و ما بين هما لا عبين ( ٢٠ : ١٦ )

پس هماري تشفي صرف وهي علم كرسكتا هے ' جو قدرت كے اسرار خلقت كو هم پر منكشف كردے - هماري كتاب هدايت نے هم كو ايسي هي تحقيقات كا عادي بنايا هے ' اور همارا معيار علم به حيثيت حامل قران هونے كے اس بارے ميں حاملين علم سے بهت ارفع و اعلى هے - فتعالى الله عما يقولون : ما لهم بذلك من علم ان هم الا يظنون ! ( ٤٥ - ٣٠ ) بل هم فى شك يلعبون ! ( ٤٤ : ٩ )

( قانون مقـايسه )

خود علماے حيوانات و علم الحيات هي نے هميں يه بتلايا هے كه جاندار چيزوں كي باليدگي ايک عام قانون كے ماتحت هوتي هے جسكو " موازنه " يا " مقايسه " كهسكتے هيں - يعني مختلف اشيا كو باهم قياس ميں لانا اور انكا موازنه كرنا - يه قانون جسطرح حيوانات كے قد ' حجم ' اور اندروني ساخت ميں نافذ هے ' بالكل اسيطرح رنگ ميں بهي جاري هے - چنانچه جب هم مختلف اللون حيوانات كو غور سے ديكهتے هيں ' تو انكي رنگا رنگي اسي قانون كے ماتحت نظر آتي هے -

اگر ايک جانور كے دهنے بازو پر كوئي خاص رنگين خط يا گل هے تو ضرور هے كه دوسرے بازو پر بهي بعينه ' اسي جگه ' ويسا هي رنگ هوگا ' كيونكه دونوں بازوؤں كا خمير ايک هي قسم اور ايک هي مقدار كے مادے سے بنا هے -

شير اور چيتے كے جسم كو ديكهو - مور كے پروں كا مطالعه كرو - كس نظام و ترتيب اور تناسب و تقابل كے ساتهه ايک بهتر سے بهتر نقاش كي طرح نقاشي كي گئي جس سے زياده متناسب اور با قاعده نقش و نگار هو نهيں سكتے - مختلف قسم كے هوائي پرندوں پر نظر ڈالو ' اور ان چهوٹي چهوٹي تتليوں كو ديكهو جو شام كو اڑتي هوئي ديواروں پر آكر بيٹهه جاتي هيں ! انكے پروں ميں نقش و نگار رنگين كا نمود كيسا باقاعده ' كيسا منظم ' كيسا مرتب ' كس درجه با اصول هے ؟ ايک معمولي نقاش چند لكيريں بهي كهينچتا هے تو كسي نه كسي تصوير و نقش كے مقصد اپنے سامنے ركهتا هے - پهر كيا قدرت كي اتني بڑي نقاشي محض ايک بے قصد و مقصد اتفاق اور تركيب جسمي شي كا نتيجه هے اور كوئي غرض اور كوئي حكمت اسميں پوشيده نهيں ؟ هل عندكم من علم فتخرجوه لنا ؟ ( ١٤٨:٦ ) فما لكم كيف تحكمون ؟ ( ٣٥:١٠ ) و يجعلون لله ما يكرهون ؟ ( ٦٢:١٦ )

علماے حيوانات قانون مقايسه كو رنگوں ميں ايک باقاعده موثر قانون تسليم كرتے هيں اور كهتے هيں كه اكثر شير كے خطوط ميں ايک محسوس تسويه اور نظام محفوظ هوتا هے ' تو اسكي وجه صرف يهي قانون هے جسكے سبب سے اسكے دونوں پهلوؤں ميں مماثلت و مساوات نظر آتي هے -

بيشک ' بعض مثاليں ايسي بهي مليںگي جهاں يه قانون بظاهر غير موثر نظر آئيگا ' ليكن جب زياده دقت نظر سے كام ليا جائيگا تو معلوم هو جائيگا كه در اصل وهاں بهي يه قانون محفوظ هے مگر كسي غير طبيعي سبب سے ( مثـلا مختلف قسموں كے باهمي اختلاط سے ' يا گرد و پيش كے بعض موثرات خارجيه سے ' يا بعض عوارض اور انكے توارث وغيره سے ) يه حالت پيدا هوگئي هے -

( مماثلت وسط )

پس هم تلاش و جستجو ميں آگے بڑهتے هيں ' اور علم الحيوانات كي بلند تر تحقيقات و معلومات كو ڈهونڈهتے هيں - همارے سامنے محققين قانون كا ايک گروه آتا هے جس نے اسرار الوان كا غائر تر نظر سے مطالعه كيا هے ' اور اسے محض فزيو لوجيكل موثرات كا نتيجه بے قصد سمجهه لينے پر هماري طرح قانع نهيں هے - اس بارے ميں هميں سب سے زياده مشهور معلم ' چارلس ڈارون كا ممنون هونا چاهيے جس نے اپنے سفر امريكه كے جمع كرده جانوروں كے متعلق تحقيقات كرتے هوے اس موضوع كي طرف اشاره كيا ' اسكے بعد بعض حكماء حال هيں جو علم الحيوانات كي تحقيق طلب راهوں ميں تلاش منزل مقصود كيليے تگ و دو كر رهے هيں -

قانون نشو و ارتقا يا ڈارون ازم كا ايک بنيادي مسئله (Feleology) هے جس كا ترجمه " قانون مطابقة " كيا گيا هے ' اور " تاثرات وسط " سے بهي اسے تعبير كرتے هيں - الهلال جلد ٣ نمبر ٢٤ ميں ڈاكٹر رسل ويلس پر مضمون لكهتے هوے هم اس قانون كي تشريح كرچكے هيں -

مختصر لفظوں ميں اسكا خلاصه يه هے كه حيوانات پر انكے گرد و پيش اور مولد و موطن كے تمام حالات كا اثر پڑتا هے اور رفته رفته انكے اعضا اور جسم ميں تغيرات پيدا كرديتا هے - جس قسم كي آب و هوا ميں رهتے هيں ' جس طرح كا مكان انهيں ملتا هے ' جيسي غذا انكے اندر جاتي هے ' اسي كے مطابق انكے اندر جسمي تغيرات بهي هوتے رهتے هيں ' اور اسي كے مناسب انكے جسم كي هر شے هو جاتي هے - گرد و پيش كے حالات كو عربي ميں " وسط " كهتے هيں جو انگريزي كے لفظ (Middle) كا ترجمه هے - اسي اصطلاح كو هم نے بهي اختيار كيا هے -

اسي قانون مطابقة سے اختلاف الوان كے ايک بهت بڑے بهيد كا سراغ لگتا هے -

علماے حيوانات كي تحقيق ابهي هم لكهه چكے هيں كه اشيا كا رنگ اُن اجزاء كے رنگ كا نتيجه هوتا هے جنسے وه تركيب پاتے هيں - مثلا پته سبز هوتا هے اسليے كه اسميں كلوروفيل (Chlorophyll) هوتا هے جو سبز هے - خون سرخ هوتا هے كيونكه وه بے شمار چهوٹے چهوٹے كريوات دمويه سے مركب هے اور انكا رنگ سرخ هے (١)

پس صرف نباتات و جمادات كو پيش نظر ركهو اور غور كرو كه كره ارض كے مختلف حصوں ميں عالم نباتات و جمادات كي جسقدر پيدا وار هيں ' انكي رنگت اُن اجزا كي وجه سے ايک خاص قسم كي هوتي هے جنكي اُن حصوں ميں قدرت نے كثرت و فراواني ركهي هے - اور اسيليے هر حصهٔ زمين ميں كسي خاص رنگت كا غلبه و احاطه هے -

(١) " كريوات دمويه " سے مراد وه بے شمار چهوٹے چهوٹے كرے هيں جو خون ميں پائے جاتے هيں اور خوردبين سے نظر آتے هيں - عربي كے بعض مترجمين " جيبات خورده بيني " كي اصطلاح سے بهي انهيں موسوم كرتے هيں - علماے تشريح نے دريافت كيا هے كه خون كے ايک ايک قطره ميں كئي كئي كرور كريوات دمويه هوتے هيں ! !

جب حیوانات اُن حصوں میں رهنے لگے تو قانون مطابقة نے جس طرح انکي تمام جسماني حالت اور قوی کو انکے وسط ( گرد و پیش ) کے مطابق بنا دیا ' اسي طرح ضرور تها که انکي رنگت بهي انکے وسط کے مطابق هوتي - کیونکه قانون مطابقة هر جسماني انفعال پر موثر هے -

چنانچه تحقیقات سے نظر آتا هے که ایسا هي هوا - حیوانات کي ایک بهت بڑي تعداد کے متعلق ثابت هوچکا هے که انکے جسم کي رنگت بعینه ویسي هے ' جیسي رنگت انکے گرد و پیش کے درختوں' پهولوں' پتوں' پتهر' اور زمین کي هے - یا اُن طبیعي موجودات کي هے جنسے وه خطه گهرا هوا هے - علماء نشوؤ ارتقاء نے اس حالت کو ایک خاص موثر طبیعي تسلیم کیا هے - وه کهتے هیں که یه " مماثلت وسط " هے - یعنے گرد و پیش کے مطابق حیوانات کے جسم کے رنگ کا بهي هونا -

مثلاً شیر نیستان میں رهتا هے - اسکا اصلي وطن وهی هے گو وه کسي غار کے اندر یا دریا کے کنارے بهی لیٹا هوا نظر آجاے - پس اسی لیے اسکی کهال کے بالوں کا رنگ دهاري دار ' خاکی ' یا مٹیالا هوتا هے -

بعض شیر ایسے هیں جو ریگستان میں رهتے هیں - ریت کی رنگت تمهیں معلوم هے - پس انکے جسم کی رنگت بهی گرد آلود ' زردي مائل' اور بالکل ریت کی سی هوتی هے !

قطب شمالی کی دب کی رنگت دیکهی گئی هے که بالکل سفید هوتي هے ' کیونکه اسکے وطن کی زمین همیشه برف سے سفید رهتی هے - اسی طرح بے شمار پرند هیں جو درختوں میں آشیانے بناتے هیں' اور انکی رنگت بالکل ان پتوں کی سی هوتی هے جو ان درختوں کي شاخوں میں لگتے هیں -

یه مماثلت خواه حیوانات اولی ( Protozoa ) کے لیس دار جسم کے ساتهه خارجي اجزاء ارضیه کے ملجانے کا نتیجه هو جیسا که علماء وظائف الاعضا کا قول اوپر گذر چکا هے ' یا کسي مخفي قانون طبیعي کا نتیجه هو جیسا که بحمد الله همارا اعتقاد هے' مگر بهر حال قانون نشو و ارتقا کے علما تسلیم کرتے هیں که اسمیں اندر بعض بیش بها منافع اور حکمتیں نظر آتي هیں !

از انجمله ایک حکمت جس تک فهم انساني دسترس پاسکی یه هے که یه مماثلت حیوانات کي زندگي کے بقا اور دشمنوں سے حفظ کا ایک بهت بڑا وسیله هے - یه اگر نه هوتي تو هزار ها حیوانات دنیا سے نابود هوجاتے - اس مماثلت کي وجه سے وه اپنے دشمنوں اور اپنے سے قوي تر حیوانات کي نظروں سے پوشیده هوجاتے هیں - کیونکه انکي رنگت اور انکے گرد و پیش کے اشیا کي رنگت ایک هي هے' اسلیے انکے دشمن کي نظریں انکے وجود کو ارد گرد کي چیزوں سے الگ کرکے نہیں دیکهه سکتیں اور وه انکے حملے سے محفوظ رهجاتے هیں - گویا رنگت انکے لیے ایک بهترین کمین گاه کا کام دیتي هے !

برفستان کے اندر ان جانوروں کو دیکهه لینا کسقدر مشکل هے جنکي رنگت کي سفیدي اور برف کي سفیدي میں کچهه فرق نہیں ؟ ریگستان کے اندر ان جانوروں کو کیونکر دور سے پهنچانا جاسکتا هے جو ریت کے کسي ٹیلي کے ساتهه لگ کر لیٹ گئے هیں' اور انکي کهال بالکل اسي رنگ کي هے' جو رنگت که ریت کي هوتي هے ؟

اسکا صحیح اندازه ان لوگوں کو هوسکتا هے جو شکار کے شائق هیں ' اور بسا اوقات جنگلوں میں سانپ کي نکلي هوئي دم کو ایک خوشنما اور رنگین پته سمجهه کر پکڑ لیا هے' حالانکه وه اُس رنگین والي جلد کا سانپ تها' جس رنگت کے پتوں اور گهانس سے جنگل کا وه ٹکڑا بهرا هوا هے !

یه دنیا تنازع للبقا (Struggle for Exesleuce) کا میدان کارزار هے' اور هر حیوان اپنے دشمنوں کي بڑي بڑي صفیں اپنے سامنے دیکهتا هے جو اسکے قرب و جوار هي میں پهیلي هوئي هیں' یا اس فضا میں اوڑتي پهرتي هیں جو اسکے اوپر پهیلا هوا هے - پس غور کرو که اگر ان حیوانات کي رنگت اُس زمین اور وسط کے مطابق نه هوتي جسمیں وه رهتے هیں ' تو انکے لیے اپنے گهروں سے نکلکر تلاش غذا میں پهرنا اور زنده رهنا کسقدر مشکل هو جاتا ؟ لیکن قدرت الهیه اور حکمت ربانیه نے انکي رنگت کو انکے وسط کي رنگت کے مثل بناکر انهیں دشمنوں کی نظروں سے آڑ میں کردیا - وه نکلتے هیں' زمین پر پهرتے هیں ' ایک درخت سے اڑکر دوسرے درخت پر جاتے هیں ' مگر انکے دشمن اکثر اوقات پهچان نہیں سکتے - وه کسي درخت کي شاخ یا مٹي کے ٹیلے کے ساتهه لگ کر چهپ جاتے هیں ' اور انکا رنگ ان چیزوں کے ساتهه ملکر دشمنوں کي نظروں کو دهوکا دیدیتا هے : ان في ذالك لايات لقوم یتفکرون !

یه مماثلت کیونکر پیدا هوتي هے ؟

اگر ایک طبیعیانه مذاق رکهنے والا قدرت کي نوازش و مهرباني کے علاوه کسي دوسرے جواب کا بهي طالب هو تو اسکا جواب یه که ان حیوانات میں پہلے وه تمام رنگ پیدا هوے جنهیں علم وظائف الاعضاء کے قاعده سے پیدا هونا چاهیے تها' مگر بعد کو انتخاب طبیعي کا عمل شروع هوا جسکے معني یه هیں که فطرة صرف قوي' موافق' مناسب ' موزوں' اور صحیح و سالم چیزوں هي کو باقي رهنے دیتي هے اور نشو و نما کیلیے چهانٹ لیتی هے - باقی معدوم و نابود هوجاتے هیں - پس یه انتخاب جب نافذ هوا تو صرف وهي رنگ رهگئے جو انکے وسط و محیط کے مناسب تهے' اور بقیه رنگ بهت سے اعضاء کي طرح ناپید هوگئے -

## ( انتخاب جنسي )

اس سے بهي بڑهکر اختلاف الوان کے مصالح و اسرار کا سراغ اُس نظریه سے لگتا هے جسے انتخابه جنسي ( Sexual Selection ) کهتے هیں -

خواه اسباب کچهه هوں' مگر واقعه یه هے که هر قسم کے حیوانات کي خاص خاص اور الگ الگ غذائیں هیں - علم وظائف الاعضاء کي رو سے جسم پر جن چیزوں کا اثر پڑتا هے' انمیں ایک بهت بڑي شے غذا بهي هے - غذا کا اثر رنگ پر بهي پڑتا هے جو بقدر استعداد طبیعي کم و بیش هوتا رهتا هے -

چنانچه دیکها گیا هے که حیوانات کي غذاؤں کے رنگ اگر روشن هیں تو خود انکے جسم کے رنگ بهي روشن هیں - اگر غذا کا رنگ تاریک هے تو خود انکا رنگ بهي تاریک هے -

مثلاً طوطا زیاده تر پهل کهاتا هے' اسلیے اسکا قیام پهل والے درختوں میں رهتا هے - درختوں کے رنگ عموماً روشن هوتے هیں اسلیے اسکا رنگ بهی روشن هے - یا بعض قسم کي مکهیاں هیں جو اصطبلوں میں رهتي هیں - چونکه وه نجاست پر زندگي بسر کرتي هیں جسکا رنگ تاریک هوتا هے' اسلیے خود اُنکا رنگ بهي تاریک هو جاتا هے -

ایک عرصے کے استعمال سے جانوروں کو اپني غذاؤں کے رنگ سے ایک خاص قسم کي موانست و الفت پیدا هو جاتي هے' اسلیے جب ان کي تناسلي خواهش میں حرکت هوتي هے تو وه دوسري جنس کے انهیں افراد کی طرف بالطبع زیاده مائل هوتے هیں جنمیں

# مذاکرۂ علمیہ

انکي غذاؤں کے رنگ زیادہ نمایاں هوتے هیں - یهي شے هے جسکو انتخاب جنسی کهتے هیں - پس جس طرح قانون ارتقا کا انتخاب طبیعي ایک مدت مدید کے بعد پوري نوع کي نوع میں انقلاب پیدا کردیتا هے' اسیطرح انتخاب جنسي بهی انواع کے رنگ پر حیرت انگیز تغیرات طاري کر دیتا هے -

بہت سے جانور ایسے هیں جنکے رنگ عام طور پر تو معمولي حالت میں رهتے هیں' مگر جب انکے توالد و تناسل کا موسم آتا هے اور نر اور مادے کي یک جائی ضروري هوتي هے تو رنگوں میں ایک دلفریب چمک دمک اور ایک خاص رونق و حسن پیدا هوجاتا هے - حیوانات کي بعض انواع یعنی کبوتر' فاخته' مور' ایسي هیں' جو اتحاد تناسلي سے پہلے اپني ماده کو اپنے طرف مائل کرنے کے لیے مستانه رقص و تواجد کرتے ( یعنے ناچتے ) اور اپنے پروں کے دلفریب رنگوں کي ایک خاص انداز سے نمایش کرتے هیں - اسکي وجه سے انکے اندر دلفریبي و رعنائي کي کشش پیدا هوجاتي هے جو بے اختیار ماده کو اپني طرف کهینچتی هے اور جذبۂ طبیعي کیلیے اختلاف الوان ایک بهت بڑا معین خارجي هوجاتا هے'

غرضکه حیوانات کي جنسي خواهش پر رنگوں کا اثر پڑتا هے' اور زیاده تر وهي رنگ موثر هوتے هیں جو معجوب و دلفریب' نظر افروز اور دلپسند هوتے هیں - اس سے ثابت هوا که حیوانات کي نسل کي افزایش و حفاظت کیلیے قانون انتخاب جنسي اپنا کام کرتا رهتا هے اور حیوانات کي رنگت ایک بهت بڑے مقصد حیات کو پورا کرتي هے !

( خـلاصــه مبـاحث )

هم نے بہت اختصار و ایجاز سے کام لیا کیونکه ابهي اختلاف الوان کا بہت بڑا میدان یعنے عالم نباتات کي بحث باقي هے - امید هے که مندرجهٔ ذیل امور قارئین کرام کے سامنے آ گئے هونگے :

( ۱ ) اختلاف الوان کے متعلق شارحین و حاملین علم نے جو کچهه تحقیق کیا هے' اسمیں ابهي تحقیقات مزید کي بهت بڑي گنجایش باقی هے - تاهم موجوده تحقیقات سے بهي ثابت هوتا هے که اختلاف الوان کے اندر حکمت الهیه نے بعض عجیب و غرایب اسرار و مصالح رکهے هیں' اور آگے چلکر نہیں معلوم اور کسقدر اسرار منکشف هوں ؟ قرآن حکیم اسي لیے انهیں حکمت الهي کی نشاني کهتا هے -

( ۲ ) قرآن حکیم نے اس زمانے میں جبکه انسان کي معلومات محدود تهی' اسرار خلقت کے چهرے پر نقاب پڑا تها' اور اسکے مخاطب وہ لوگ تھے جو علم و حکمت سے بالکل نا آشنا تهے' اختلاف الوان کو الله کي قدرت و حکمت کي نشاني قرار دیا اور فرمایا که اسمیں صاحبان عقل و فکر کیلیے بڑے بڑے اسرار و بصائر هیں آج علم الحیوان اور علم الحیات کي تحقیقات اسکي تصدیق کرتی هے اور انسان نے صدیوں کي تحقیق و کاوش کے بعد چند مصالح کا سراغ لگایا هے - یه خدا کے کاموں کي انساني تحقیق هے اور وه خدا کے کلمات کا مجموعه هے - پهر کیا یه اسی کا " قول" نہیں جسکے " فعل " کے اسرار و مقاصد کي تحقیقات کي جا رهی هے ؟

لا تبدیل - " لکلمات الله " ولا تبدیل " لخلق الله " 1

صحیفۂ فطـرت کا ایک دلچسپ صفحـه

## عـالـم نبـاتات اور حیـوانات

## مختلف الجنـس اشیـاء میں حیـرت انـگیـز مشـابهـت

( مقتبس از سائنٹیفـک امـریکـن )

دنیا کی جن اشیاء میں کوئي حقیقي تعلق نہیں هے' انکي شکل یا ساخت میں مشابہت کا سراغ لگانا ایک دلچسپ علمي مشغله هے - چاهے ابتداء میں یه کام ایک طفلانه حرکت معلوم هو' مگر اس حیثیت سے اسکے مفید هونے میں تو کسي کو کلام نہیں هوسکتا که اس سے تخیل کو تحریک هوتي هے اور نفس کو تحقیق کي ایک ایسي راه اپنے سامنے نظر آجاتی هے جو بہت سے اهم اکتشافات تک پہنچا دیسکتي هے -

اس مشغله کا تعلق خاص کر کم سن طلبه کي تربیت سے هے' کیونکه ایک درجه کے لڑکوں کے اندر فهم آمیز مطالعه سے دلچسپي پیدا کرنے میں جو دقتیں پیش آتي هیں' انهیں وه لوگ فوراً تسلیم کرلینگے جنهیں مدرس کي حیثیت سے کوئي تجربه حاصل هے - بالفاظ دیگر انکے لیے ایک ایسي شے کي ضرورت هے جو نفس کي کل کو چلائے' اور یه خدمت اس مشغله سے بخوبي انجام پاسکتي هے -

مثلاً ممکن هے که ایک پهول یا کیڑے کے صرف دیکهنے سے یه مقصد حاصل نه هو لیکن اگر هم اس پهول یا کیڑے اور کسي دوسري مانوس و مالوف شے میں کوئي ایسي مشابهت بتلاسکیں جس سے تعجب اور حیرت پیدا هو یا بے اختیار هنسي آ جاے' تو صرف اسي ایک ابتدائي نقطه سے چلکر اور مختلف درمیاني مراحل سے گذر کر' هم بڑے بڑے سوالات ساخت طبیعي' رشته باهمي' گرد و پیش کے حالات کے ساتهه مطابقت' وغیره وغیره تک طالبعلم کو لیجاسکتے هیں اور اسکے اندر ایک ایسي دلچسپي پیدا کرسکتے هیں جو خشک علمی مباحث میں هر دماغ کو نہیں هوسکتي !

مثال کے طور پر آرکد (Orchid) (۲) نامی پهول کو لیجیے - اسکي چند قسموں کے عام نام ایسے هیں جنسے خیال پیدا هوتا هے که یه حیوانات کے بعض اعضاء سے مشابهت رکهتے هیں - آرکد کي قسمیں یه هیں :

مین آرکڈ (Man Orchid) -
اسپائڈر آرکڈ (Spider Orchid) -
لیزرڈ آرکد (Lazard orchid) -
مونکی آرکد ( Mankey Orchid ) -

( ۱ ) Orchid ایک درخت هے جسکا دوسرا نام Aphryu هے - اسکي بہت سي قسمیں هیں جن میں سے بعض مشهور اور دلچسپ اقسام کا ذکر اس مضمون میں کیا گیا هے -

یه درخت زیاده تر ان ممالک میں هوتا هے جو بحر میڈیٹرین کے کناره پر واقع هیں - ان کي پیدایش کا موسم فصل بهار اور آغاز گرما کا زمانه هوتا هے -

یه صحیح هے که ان میں سے بعضوں کی مشابهت بہت هی وهمی هے مگر اسکے مقابله میں بعض کی مشابهت حیرت انگیز طور پر نہایت نمایاں بھی هے اور یقیناً دقت نظر کے ساتھه تفتیش کی متحمل هوسکتی هے - مثلاً بی آرکڈ (Bee Orchid) جسکا اصطلاحی نام افرس اپیفرا (Aphrys Apifera) هے' کیا هے؟ ایک چھوٹا سا اعلی درجه کا رنگین بھونرا هے - بازو' سر' مونچھیں ( Antinnea ) روئیں دار جسم' سبھی کچھه اسمیں موجود هے - اسی طرح نام نہاد فلائی ارکڈ (Fly Orchid) کا' جسکا اصطلاحی نام (Acerns Anthropphoria) هے' عام اثر بہت هی تعجب انگیز هے - پھولوں کی قطاریں سبز پتلیوں کی صفیں معلوم هوتی هیں - البته وه بہت هی عجیب و غریب فلائی ارکڈ جسکو آفرس میو سیفرا (Ophrys Muoifera) کہتے هیں' اسمیں اس قسم کی مشابهت چنداں قوی نہیں هے - تاهم ایک قوی تخیل اپنی ساحرانه طاقت سے اگر چاهے تو اسکے پروں' مونچھوں' اور آگے کی طرف نکلے هوے سر کو بلا سکتا هے - اسکے پروں کا زیریں حصه ایک پتلی کے مانند هے جو شب خوابی کے کپڑے پہنے هوئی هے' اور اسکے سینه پر ایک پٹکا بندھا هے!

ان مثالوں میں مشابهت کا اصلی سبب انکی کلیوں کی نچلی پنکھڑوں ( Labellum ) کی خاص قطع هے -

مسلمه طور پر آرکڈ کی کسی صنف کا شمار بہت مخصوص و ممتاز پھولوں میں نہیں کیا جاتا' حالانکه انکے حیرت انگیز تغیرات اگر تمامتر نہیں تو زیاده تر کیڑوں کی مداخلت کا نتیجه هیں - ان میں سے اکثر پھولوں کی تلقیح (۱) (Pollination) محض کیڑوں کی امد پر موقوف رهتی هے - چنانچه جب تک کیوپڈ کے ( یونانی علم الاصنام میں عشق کا دیوتا هے - الهلال ) یه پر دار پیامبر نہیں آتے اسوقت تک وه اس قابل نہیں هوتے که ان میں ایک بیج بھی پیدا هو -

نچلی پنکھڑی نے ایک نباتاتی پلیٹ فارم پر یه کیڑے آکر اترتے هیں' اور رس (Nectar) کے لیے پھول کا کونه کونه تلاش کرتے وقت اس پر ٹھہرے رهتے هیں - چونکه آرکڈ کو ان کیڑوں سے شدید تعلق هے' اسلیے همیں تسلیم کرلینا چاهیے که هر موقع پر نچلی پنکھڑی کی مخصوص قطع کا مقصد کم و بیش انهی مہمانوں کیلیے سہولت پیدا کرنا هوگا جنکی ضیافت زیر بحث پھول خاص طور پر کیا کرتے هیں -

بڑے آرکڈ کے تمام خاندان کی شکلوں میں بیحد اختلاف هے اس کے مطالعه سے معلوم هوتا هے که هر شکل ایک خاص قسم کے کیڑے کو اپنی طرف کھینچنے یا اسے سنبھالے رکھنے کے لیے بنائی گئی هے -

بہت سے لوگ نسل طائر کینری ( canary bird flower ) یا زحاف کینری ( canary creeper ) سے واقف هونگے - اس کو اصطلاح میں ( Tropolum canariense ) (۱) کہتے هیں - یہاں هم دیکھتے هیں که اسکی کلیونکی غیر معمولی شکل صرف کیڑے هی کی آمد کے لیے هے - معلوم هوتا هے که اس قسم کے پودوں کی کلیاں خاص طور پر ایک لمبی زبان والے کیڑے کی حاجت روائی کے لیے بنائی گئی هیں جو پھول پر نہیں بیٹھتا - صرف اسکے سامنے اپنے جلد جلد حرکت کرنے والے پروں پر معلق رهتا هے - اسی حالت میں وه اپنی زبان نکالتا هے اور پھول کی " مہمیز " میں ( یعنی پھول کا وه حصه جو مہمیز کے کانٹے کی طرح ابھرا هوا هوتا هے ) چبھو دیتا هے' اسوقت اس کا سر پھول کے اندام نہانی (۲) (Pistil.) یا عضو رجولیت ( Stamer ) پر هوتا هے' اور پہلی صورت میں ماده تولید جمع کرتا هے اور دوسری صورت میں ماده تولید نکالتا هے -

---

(۱) قدرت نے حیوانات کو نر اور ماده' دو صنفوں میں تقسیم کیا هے - موجوده علماء نباتات کا یه خیال هے که یه تقسیم حیوانات کی طرح نباتات میں بھی جاری هے - چنانچه جب پھولوں کو خورد بینی آلات سے دیکھا جاتا هے تو ایک هی قسم کے پھولوں میں ایسے اجزا نظر آتے هیں جو اپنی ساخت اور وظائف طبیعی میں ایک دوسرے سے مختلف هوتے هیں - ان مختلف اجزا کے اندر مختلف نوعیت کے مادے هوتے هیں - جب یه مادے باهم ملتے هیں تو پھل یا بیج پیدا هوتا هے - یهی پھول کی ولادت هے -

انگریزی میں اس اختلاط و امتزاج کو Pollination کہتے هیں -

نباتات میں نر اور ماده کی تقسیم کوئی نیا نظریه نہیں هے - عربوں کو آج سے بہت قبل یعنی عین عہد جہل و بدویت میں بھی اس کا علم تھا اگرچه اسکا دائره صرف کھجور تک محدود تھا اسکو وه اپنی اصطلاح میں " تابیر" کہتے تھے

یهی شے هے جس سے جناب رسالت پناه ( صلعم ) نے مدینه والوں کو منع فرمایا تھا' مگر جب اس سال پھل نہیں آئے تو پھر اجازت دیدی اور فرمایا که انتم اعلم بامور دینا کم -

تابیر کا دوسرا نام تلقیح هے -

تلقیح کا ماده "لقح" هے' لقح کا استعمال محاورات عرب میں مختلف طور پر هوتا هے - لقح اونٹ اور اونٹنی کے اجتماع تناسلی کو کہتے هیں - یهی لقح کھجوروں کی تابیر کے لیے بھی استعمال کیا جاتا هے - اسی کا ایک مشتق یعنی "لاقح" اس هواء کے لیے بھی بولا جاتا هے جسکے چلے بغیر بادل نہیں برستے - آخر الذکر محاوره قران حکیم میں بھی استعمال کیا گیا هے - سوره حجر میں خدا تعالی نے اپنے احسانات کے سلسله میں جہاں زمین کی روئیدگی اور آسمان کی بارش کا ذکر کیا هے' وهاں فرمایا: و ارسلنا الریاح لواقح فارسلنا من السماء ماء

[ بقیه حاشیه پہلے کالم کا ]

تلقیح کا لفظ ابتداً نباتات میں سے صرف کھجور کے لیے استعمال جاتا تھا' مگر جب سے عربی نباتات کی تذکیر اور تانیث کا نظریه رائج هوا هے' اسوقت سے یه لفظ توسعاً ( Pallination ) کی جگه بھی استعمال کیا جاتا هے - منه -

---

( ۱ ) ( Topalolum ) ایک قسم کی بیل هے جو جنوب امریکه میں هوتی هے - اسکی بہت سی قسمیں هیں - ایک کا ذکر مضمون میں آیا هے - جنوب امریکه میں اس بیل کی کاشت بھی هوتی هے - اسکے پھولوں کے متعلق مشہور هے که وه بہت بے قاعده هوتے هیں - " کینری برڈ فلاورز" اور " کینری کریپر" اسکے انگریزی نام هیں -

( ۲ ) گذشته حاشیه میں هم لکھه آئے هیں که ایک هی قسم کے پھولوں میں بلکه بسا اوقات ایک هی پھول میں دو ایسے جزء هوتے هیں جنکی شکل اور فرائض طبیعی مختلف هوتے هیں اور اسی بنا پر علماء نباتات نے درختوں میں نر اور ماده کی تقسیم کی هے -

جو جزء یا عضو نر کے فرائض ادا کرتا هے اسے ( Staman ) اور جو ماده کے فرائض ادا کرتا هے اسے ( Pistil ) کہتے هیں -

مثلاً گلاب کا پھول لیجیے اور اسکے درمیانی حصه کو بغور دیکھیے جہاں آپکو بہت سے زیرے مجتمع نظر آئینگے - یهی مقام هے جہاں اعضاء تذکیر و تانیث هوتے هیں - یه زیرے نہایت هی

ٹراپیولم نامی ایک پھول ہے جو سبز پتیوں کے ایک بیرونی لفافہ میں رہتا ہے - اس لفافے کو اصطلاح میں ( Calyx ) (۱) کہتے هیں - اس کا رنگ چمکدار اور اسکی شکل اسطرح لمبی ہوتی کے کہ مہمیز کا کانٹا سا معلوم ہوتا ہے - اسی کا زیریں تنگ حصہ رس کا مخزن ہے - اسمیں کبھی کبھی اس قدر کثرت سے رس ہوتا ہے کہ از خود اُبلکے نیزے تک آجاتا ہے - اسی " مہمیز " سے طائر کیدری کا سر اور گردن بنتا ہے - رہی دم تو وہ پھیلی ہوئی پنکھڑیوں سے پیدا ہوجاتی ہے - اسکی شکل ٹھیک ایک جاندار مخلوق کی سی ہوتی ہے - جب وہ کلی کی حالت میں ہوتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ ایک چڑیا بیٹھی ہے !

( گرم ممالک کا Birth worth )

( Arlisolochia gigas ) نامی ایک اور پھول ہے جس کی ناشگفتہ کلی راج ہنس سے مشابہت کا ایک دلچسپ نمونہ پیش کرتی ہے - یہ اور اسکے ساتھ کی اکثر اور قسمیں گرم مکانوں (۱) ( Hot house ) میں ملینگی ........ یہ تمام عجیب و غریب پھول جو اعجوبگی میں آرکڈ کے حریف ہیں' ان دو پر والی مکھیوں کو اپنی طرف کھینچتے اور پھر انکو گرفتار کرنے کے لیے بنائے گئے ہیں جو نجاست اور مردار کھاتی ہیں' اور اسے دوسری بہتر سے بہتر غذا پر ترجیح دیتی ہیں - انکی بدبو اور زردی تعفن کی طرف خیال کو متوجہ کرتی ہے جس سے انسان کو سخت نفرت پیدا ہو جاتی ہے -

اس پھول کی مختلف قسموں کی ساخت میں ایک گونہ اختلاف ہے' تاہم ان کی مشابہت کے اصلی مناظر یہ ہیں :

(۱) ایک ترغیب دینے والا رقبہ (۲) وہ چیز جو ایک حلق یا ڈیوڑھی کی طرف رہنمائی کرتی ہے (۳) وہ راہ جو ایک اندرونی کمرہ یا قید خانہ میں لیجاتی ہے

راج ہنس سے " اے بی کاس " نامی مکھیوں کی مشابہت ہمیں مذکورہ بالا تشریح کے سمجھنے کے قابل بنا دیتی ہے - راج ہنس ( یعنی وہ کلی جو راج ہنس معلوم ہوتی ہے ) کا جسم پھیلکے ترغیب دینے والا رقبہ بنجاتا ہے - یہ ایک وسیع کشادگی ہے جو ۲۶ انچ لمبی اور ۱۱ - انچ چوڑی ہوتی ہے - تمام سطح پر خون نما ارغوانی رنگ کی رگوں کا جال پھیلا ہوا ہے - اور اسپر اس قسم کے بالوں کی صفیں بچھی ہیں جنکی نوکیں اندر کی طرف مائل ہیں -

جو مکھی اس ترغیب دینے والے رقبہ پر بیٹھتی ہے' اسے پھول کی بدبو اُس کی گردن میں جانے کی ترغیب دیتی ہے - یہ گردن ایک عجیب طلسم ہے - وہ آنے وقت تو مکھی کو بے تکلف آنے دیتا ہے اور بال جانے میں سہولت پیدا کردیتے ہیں' مگر جب باہر نکلنا چاہتی ہے تو وہی بال روک لیتے ہیں اور مجبوراً اندر کے کمرہ میں جو راج ہنس کی گردن کے پیچھے ہوتا ہے' گھستی چلی جاتی ہے - یہاں اسے اصلی یا صنعتی اعضاء سے ملنا پڑتا ہے -

اس کمرہ میں مکھیاں قید ہوجاتی ہیں - ان میں سے جو مکھیاں دوسرے پھولوں سے آتی ہیں وہ اپنے همراہ مادۂ تولید بھی لاتی ہیں اسطرح اندام نہانی ( Pistil ) کی تلقیم وجود میں آجاتی ہے -

اعضاء تناسل جب بلوغ کو پہنچتے ہیں تو ان مفید مکھیوں کے جسم پھر مادۂ تولید سے آلودہ ہوجاتے ہیں' اور جب تک پھول پژمردہ اور اسکے حلق کے بال خشک نہیں ہو جاتے' اسوقت تک انہیں اس قید سے رہائی نہیں ملتی - [ البقیۃ تتلی ]

[ بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۳ کا ]

باریک خطوط یا ریشوں میں قائم ہوتے ہیں - ان زیروں اور ریشوں کے اجتماع سے ایک نیزہ سا بنگیا ہے جسکے سرے پر ایک بھرا ہوا مشکیزہ ہے - اسکا وسط نیزہ کے سرے پر ہے' اور دونوں گوشوں میں سے ایک گوشہ ایک طرف کو زیادہ مائل ہے - یہی وہ عضو ہے جو فرائض رجولیت ادا کرتا ہے - اس مشکیزہ نما زیرے میں زرد رنگ کا ایک غبار سا ہوتا ہے جسکو انگریزی میں ( Pollen ) اور عربی میں " طلع " کہتے ہیں - خود اس مشکیزہ نما زیرہ کا اصطلاحی نام ( Anther ) ہے - عربی میں کبھی تو بعینہ یہی الفاظ استعمال کرتے ہیں اور کبھی اسے " مخزن الطلع " سے بھی تعبیر کرتے ہیں -

لیکن کبھی ریشے اور ریزے کی اجتماعی صورت یہ ہوتی ہے کہ ایک نیزہ ہے جسکے سرے پر ایک دہانہ سا پیدا ہو گیا ہے' اور وہ بالکل کھلا ہوا ہے - یہ عضو فرائض نسائیت ادا کرتا ہے - اسی واسطے ہم نے اس کا ترجمہ رحم کیا ہے - انگریزی میں اس عضو کو ( Pistal ) اور اس دہانہ کو اسٹیگما ( Stigma ) کہتے ہیں - یہی وہ حصہ ہے جو مادۂ تولید کو لیکے اندر پہنچاتا ہے - اسٹیگما ایک ریشہ پر قائم ہوتا ہے اور اندر سے کھوکھلا ہوتا ہے - اسلیے عربی میں اسے " قناۃ " کہتے ہیں - انگریزی میں اس کا نام ( Style ) ہے - اسکے بعد ایک تھیلی سی ہوتی ہے جسمیں بیج پیدا ہوتے ہیں اور ابتدائی پرورش پاتے ہیں اسے ( ovary ) کہتے ہیں - عربی میں اسکا ترجمہ " مبیض " کیا گیا ہے - اسٹیگما میں ہر وقت ایک لیسدار مادہ رہتا ہے - مادہ تولید جب اُس میں داخل ہوتا ہے تو اس لیسدار مادہ کے ساتھ مل کے " قناۃ " کے واسطہ سے " مبیض " تک پہنچ جاتا ہے -

(۱) یعنی وہ غلاف یا لفافہ جسمیں کلی کھلنے سے پہلے ملفوف ہوتی ہے اور جو کھلنے کے بعد بھی اکثر باقی رہتی ہے - اسکو انگریزی میں ( calyx ) کہتے ہیں اور عربی میں " کمامہ " اکمام اسکی جمع ہے -

( مسئلۂ قیام الهـلال )

براے خدا و رسول الهلال کے بند کرنیکے خیال کو بالکل ترک کردیں - خدا کے لیے قوم کی حالت پر رحم کریں - اگر یہ رسالہ بند ہوگیا' تو یقین جانیے کہ قوم پھر مردہ کی مردہ ہو جائیگی - میرا ایمان ہے کہ اس رسالہ جیسا مفید کوئی رسالہ یا اخبار ہندوستان میں نہیں نکلا اور نہ ہے - اگر اپنے دل میں قومی درد ہے تو ضرور اسکی اشاعت بدستور جاری رکھئیگا - اگر اسکی آمدنی سے ضروریات پوری نہیں ہوتیں تو کیوں نہیں اسکی قیمت بڑھا دی جاتی ؟ یا تو آپ چندہ قبول کریں یا اسکی قیمت بڑھالیں -

آپکا دلی تابعدار - عبد الغنی - از لاہور

حضرۃ المحترم - آپکے اخبار الهلال کی مالی حالت کے ضعف نے میرے دل پر بہت گہرا اثر کیا - ارادہ تو یہی تھا کہ البلاغ بیروت یا العدل قسطنطنیہ کو اپنے نام جاری کراتا' مگر اب التماس کرتا ہوں کہ جون کا پہلا پرچہ مندرجہ ذیل پتہ پر ارسال فرمائیں -

نیـــاز منـــد

عبد العزیز - عربک پروفیسر مشن کالج - پشاور

مفصلہ ذیل تین اصحاب کے نام الهـلال جاری فرمائیں -

خریدار نمبر ۲۱۰۲ ار سری نگر کشمیر

# مطبوعات جدیده

## رباعیات عمر الخیام

### ایک نیا امریکن ایڈیشن

( ۲ )

ان رباعیوں کے کي تعداد اختلاف نے یه مسئلهٔ پیدا کردیا که اصلي رباعیوں کي تعداد کتني هے ؟ اور یه جو زیاده سے زیاده تعداد تک رباعیاں موجود هیں ' یه سب کی سب عمر خیام هي کی هیں یا نہیں ؟

مستشرقین عمر ییین کا عرصه تک یهي خیال رها که جسقدر زیاده رباعیاں نکلتي آتي هیں ' وه سب کي سب عمرخیام هي کي هیں ' اور جن نسخوں میں تعداد کم هے ' وه یا تو ناقص هیں یا کسی شخص نے اپنے مذاق کے مطابق اصل دیوان رباعیات کا انتخاب کرلیا هے - چنانچه جب کبهي کسي زیاده تعداد والے نسخه کي ان میں سے کسي کو اطلاع ملي تو وه اس درجه خوش هوا ' گویا علوم و حکمت قدیمه کا کوئي گم شده ذخیره هاتهه آگیا هے ' یا برباد شده مدرسهٔ اسکندریه کے کتب خانے کا سراغ ملگیا هے !

غالباً سب سے پہلے مستشرق بزرگ و شهیر ' پرو فیسر والا نتین ژوکوفسکي (Valentin Zhukovski) نے اس غلطي کو محسوس کیا ' اور ایک محققانه رساله عمر خیام پر لکهکر ثابت کیا که بڑي تعداد رباعیات منسوبهٔ خیام کي الحاقي هے ' اور بعد کو کسي غلط فهمي کي وجه سے خیام کي جانب منسوب هوگئي هے -

یه رساله سنه ۱۸۹۷ میں " المظفریه " کے رسائل کے ساتهه سینٹ پیٹرز برگ سے چهپ کر شائع هوا - اس وقت سے یورپ اور امریکه کے عمر ییین و خیامیین کے حلقه میں الحاقي رباعیات کي تحقیق و تجسس کي ایک نئي کاوش پیدا هوگئي هے -

پرو فیسر ژوکوفسکي نے اپنے دعوے کے ثبوت میں ۸۲ رباعیاں پیش کي هیں جو مختلف معروف و متداول نسخوں میں خیام کي طرف منسوب هیں ' حالانکه خیام سے انہیں کوئي تعلق نہیں - وه در اصل شیخ عطار ' خواجه حافظ ' مولانائے روم ' شیخ عبد الله انصاري ' اور انوري وغیره متوسطین شعرائے ایران کي هیں -

اس مضمون کو پڑهکر مستشرقین فرنگ نے الحاقي رباعیات کي تلاش شروع کردي - پروفیسر براون نے ۱۲ رباعیوں کا اور ثبوت بهم پهنچایا هے - انکے بیان کے مطابق اسوقت تک کل ۱۰۱ رباعیاں الحاقي ثابت هوچکي هیں - ( ان نئي الحاقي رباعیوں کی تفصیل کیلیے پروفیسر براؤن کي تاریخ ادبیات ایران : Literary History of Persia, باب ۱۲ - صفحه ۲۴۶ سے ۲۵۹ تک دیکهیے )

اسمیں شک نہیں که پروفیسر والانتین ژوکوسکي کي تلاش و جستجو قابل تحسین هے ' لیکن افسوس که مستشرقین کے بعض دیگر مباحث خیامیه کي طرح یه بحث همارے لیے چنداں قیمتي نہیں هوسکتي ' اور نه اس بارے میں پروفیسر مذکور کی تحقیقات کے هم محتاج تهے -

اگر وه مشرق کے کسي ایسے شخص کي اعانت بهم پهنچا لیتے جو فارسي شاعري کا تهوڑا سا بهي ذوق رکهتا هے اور عام تذکروں اور دیوانوں کا مطالعه کر چکا هے ' تو اس مشکل کی قیمت چند سرسري لمحوں کي نظر سے زیاده نه نکلتي اور بغیر کسي زحمت و تلاش کے اس سوال کا حل ملجاتا - بلکه جس حد تک وه حل کرسکے هیں ' اس سے کہیں زیاده وسیع و تشفي بخش هوتا -



حکیم عمر الخیام (۱)

اصل یه هے که الحاقي کلام کا سوال صرف خیام هي تک محدود نہیں هے بلکه ایک حد تک عام هے - الحاقي منسوبات کي عام بلا سے شاید هي کوئي مشهور شاعر بچا هو - اس درجه سے بهي نظر بلند کیجیے اور عام طبقهٔ مشاهیر و اعاظم مصنفین متقدمین و متوسطین کو دیکهیے تو هر علم و فن کے ارباب کمال اسي مصیبت سے دو چار نظر آئیں گے - آج کتني هي تصنیفات هیں جو امام ابو حنیفه ' جابر طرطوسي ' ابن قتیبه ' امام غزالی ' ابو معشر فلکی ' فخر الدین رازي ' بوعلي سینا ' معلم ثانی ' ابن عربی ' محقق طوسي وغیره ' سے منسوب هیں جنکي مصنفات هر عهد اور هر حصهٔ عالم میں معروف و متداول رهیں ' لیکن نظر دقت سے دیکها جائے تو از سر تا پا الحاقي هیں !

ناصر خسرو ' فردوسي ' خواجه حافظ ' جلال الدین رومي ' حکیم سنائی ' سب کے دیوانوں کا یهي حال هے - لیکن جن لوگوں کو ایک ادنی ذوق بهي فارسي شاعري اور مختلف اعصار ادب و علوم کے متعلق حاصل هے اور هر شاعر کے انداز مخصوص اور افکار مختصه کے متعلق نظر و بصیرة رکهتے هیں ' وه بغیر کسي زحمت و کاوش کے باول نظر اندازه کرلیتے هیں که کس قدر کلام اصلي هے اور کس قدر بعد کو اغلاط رواة و کاتبین اور سهو و التباس ناقلین یا بعض دسائس و اغراض شخصیه و دینیه سے ملادیا گیا هے ؟

علی الخصوص عمر خیام کے متعلق تو یه مسئله کچهه بهي دشوار نه تها - اسکا انداز بیان و نظم ایک خاص طرز کا هے - وه اپنے افکار شعریه و حکمیه میں بعض ایسي خصوصیات رکهتا هے جو چند رباعیوں کے مطالعه کے بعد هي نمایاں هوجاتي هیں اور کسی دوسرے کا کلام سامنے آکر دهوکا نہیں دیسکتا -

---

( ۱ ) مصورین یورپ نے ابتک عمر خیام کي جسقدر تصویریں کهینچي هیں ' ان سب میں مسٹر گلبرٹ جیمس کے قلم صنیع کا عموماً زیاده اعتراف کیاگیا هے جس نے گذشته سال ایک ایراني فیلسوف کے ته[illegible] بسر کر ڈالے - یه تصویر اسي تصویر کو پیش نظر رکهکر منشي رحمت الله صاحب رعد نے " سوانح نظام الملک سلجوقي " کیلیے بنائي تهي - جو في الحقیقت هندوستان میں سنگي طباعة و مصوري کے ایک کہنه مشق ماهر هیں -

تصوف و اخلاق سنائي اور عطار' دونوں کہتے هیں - رزم و جنگ فردوسي اور نظامي' دونوں نے لکها هے - خمریات اور جام و صراحي حافظ کي طرح سب کے هاتهه میں هے - تغزل اور راز و نیاز عشق بے سعدي کي طرح خسرو اور نظیري کي طرح عرفي کي کائنات شعر بهي معمور هے' لیکن اس سے کیا هوتا هے ؟ گو ان سب کا لباس اور شکل و صورت ایک هو لیکن ادائیں تو خاص خاص هیں جو کسي طرح صاحبان نظر سے چهپ نہیں سکتیں :

من انداز قدت را مي شناسم !

میں تو کہتا هوں که اس شخص کیلیے فارسي شاعري کے ذوق و مطالعه کا دعوا حرام هے جسمیں اتني ادا شناسي بهي نہو که صرف کلام سنکر ایک شاعر کو اسکے دوسرے هم رنگ و هم فکر شاعر سے تمیز کرلے :

هر که خواهد میل دیدن' در سخن بیند مرا !

علاوہ بریں جو رباعیات عمر خیام کے نام سے منسوب کي گئي هیں' انکا بڑا حصه فارسي کے تذکروں اور دیوانوں میں دیگر شعرا کے نام سے موجود هے جسکے لیے کسي بڑے علمي تجسس کي ضرورت نہیں - تذکرہ دولت شاہ' مراۃ الخیال' آتشکدہ' مجمع الفصحا' واله داغستاني' اس درجه کي مشہور کتابیں هیں که معمولي درجه کے فارسي دانوں نے بهي انهیں ضرور دیکها هوگا - ان میں وہ رباعیات دوسروں کے کلام میں هر شخص دیکهه سکتا هے - شیخ بو علي سینا کي یه رباعي همارے یہاں بچه بچه کي زبان پر هے :

در دهر چو یک مني ز آن هم کافر
پس در همه دهر یک مسلمان نبود

لیکن بعض نسخوں میں اسے عمر خیام کے نام سے لکهدیا هے - همارے یوروپین محققوں کو یه ثابت کرنے کیلیے بڑي هي جانکاه محنتیں گوارا کرني پڑیں که یه رباعي خیام کي نہیں بلکه شیخ کي هے !

اسي طرح شیخ جامي کي لوائح' لمعات' شرح ابن فارض وغیرہ رسائل میں جو رباعیات وحدۃ الوجود وغیرہ کے متعلق بکثرت درج کي گئي هیں' انکو بهي بعض ناقلین نے خیام کي طرف منسوب کر دیا - پروفیسر ژوکفسکي نے انکي تحقیقات میں کئي سال بسر کردیے اور سینٹ پیٹرز برگ کے کتبخانے کي ایک ایک کتاب دیکهه ڈالي' حالانکه شیخ جامي کے یه رسائل نہایت عام اور کثیر الشاعۃ هیں' اور بمشکل کوئي فارسي داں شخص ایسا هوگا جس نے انهیں نه پڑها هو !

شیخ جامي کے بعد سب سے زیادہ التباس شیخ السلام انصاري کي بعض رباعیات میں هوا هے - شیخ کي مناجاتوں کا عام انداز یه هے که وہ پہلے نثر مسجع میں ایک دعا مانگتے هیں یا رحمت و رافت الہیه سے مخاطبه کرتے هیں - اسکے بعد ایک قطعه یا رباعي مناسب مقام ایراد کرکے دوسرا مخاطبه شروع کرتے هیں - یه رباعیات اکثر خود انهي کي هوتي هیں - کہیں کہیں دوسروں کي بهي لے لیتے هیں - سوز و گداز' والہانه طلب و سوال' عاشقانه شکوہ و شکایت' اور عارفانه و حکیمانه حلم و مقاله' شیخ الاسلام کي نظم و نثر کي خصوصیات هیں مگر یہي باتیں ایک دوسرے فلسفیانه رنگ میں خیام کے هاں بهي هوتي هیں - نتیجه یه اسمیں دهوکا هوا اور شیخ کي بہت سي رباعیاں خیام کے نام سے نسخوں میں لکهدیں - رباعیات خیام کا جو نسخه آجکل ایران اور هندوستان میں رائج هے' اسمیں بهي شیخ کي متعدد رباعیات ملتي هیں -

(ایک نئي دریافت)

یہاں تک تو هم نے ان الحاقي رباعیات کے متعلق لکها هے جنکي تعداد ایک سو سے متجاوز هے اور جنکا بڑا حصه پروفیسر والنٹین ژوکفسکي نے تحقیق کیا هے' مگر اب هم مستشرقین یوروپ کي تحقیقات سے الگ هوکر خود نظر ڈالنا چاهتے هیں - خیام کي مسلمه رباعیات میں سے جنکو تمام ناقدین و محققین و عمر پرستوں نے خیام کے مخصوص نوادر فکر و شعر میں سے شمار کیا هے' ایک رباعي یه هے :

من بندہ عاصیم' رضاے تو کجاست ؟
تاریک دلم' نور و صفاے تو کجاست ؟
ما را تو بہشت اگر بطاعت بخشي
آن بیع بود' لطف و عطاے تو کجاست ؟

اکثر تذکرہ نویسوں نے بهي اس رباعي کو خیام کے ترجمه میں لکها هے اور حقیقت یه هے که ایک نہایت هي بلند ترین مقام عبودیۃ و تذلل و اعتراف هے جو بہتر سے بہتر طریقے' اور موثر سے موثر انداز میں شاعر نے اسمیں بیان کیا هے - اسکا حقیقي لطف صرف انهي صاحبان حال و کیفیت کو حاصل هو سکتا هے جو اس مقام تک پہنچ چکے هیں -

قران حکیم میں برادران یوسف ( علی نبینا و علیه السلام ) کا عزیز مصر سے یه کہنا اسي نکته کي طرف اشارہ هے :

| | |
|---|---|
| جئنا ببضاعة مزجاة فاوف لنا | هم ایک ناقص پونجي لیکر تیرے |
| الکیل' و تصدق علینا' ان | سامنے حاضر هوے هیں' لیکن تو |
| الله یجزي المتصدقین ! | اسکے نقص اور کمي کو نه دیکهه |

بلکه اپنے لطف و کرم پر نظر رکهکر همیں بهرپور غله دیدے - یه خرید و فروخت اور برابر کا معاوضه نہیں هے' تجهسے بطور صدقه و عطیه کے طلبگار هیں - خدا صدقه دینے والوں کو اسکا بدله ضرور هي دیتا هے ! " بدریوزہ کرمي آمدہ ایم نه به تجارت "

و قال المتنبی :

وهبت على مقدار كفى زماننا
و نفسي على مقدار كفك يطلب !

لیکن خیام کے مطالعه کرنے والے تعجب سے سنینگے که یه رباعي خیام کي نہیں هے بلکه عارف مشہور و جلیل سلطان ابو سعید ابو الخیر قدس الله سرہ کي هے !

سلطان ابو سعید کا کلام نظم غالبا ایک جگه جمع نہیں کیا گیا - صرف تذکروں میں چند رباعیات مل جاتي هیں - ان مشہور رباعیات میں یه رباعي نہیں هے - اسي لیے کسي شخص کو اسکي نسبت شبه پیدا نہیں هوا - لیکن شیخ کے حالات و مقامات میں ایک نہایت ضخیم کتاب انکے پوتے شیخ محمد بن المنور بن ابو سعید نے لکهي هے جسکا نام "اسرار التوحید في مقامات الشیخ ابي سعید" هے - اسکا مطالعه کرتے هوے یکایک اس رباعي پر میري نظر پڑگئي - اسکے مصنف نے تصریح کردي هے که ایک خاص وجداني حالت میں یه دو بیتا شیخ کي زبان پر جاري هوئي تهي -

اگر مزید تلاش کي جاے تو عجب نہیں که اسي طرح الحاقي رباعیات کے متعلق غیر متوقع معلومات جمع هوجاے -

( نیا امریکن ایڈیشن )

اس تفصیل سے مقصود یه تها که نئے امریکن ایڈیشن کي منتخبه رباعیات کي مقدار پر نظر ڈالي جاے - بیان کیا گیا هے که اسمیں ۴۱۸ رباعیوں کا ترجمه دیا گیا هے -

اس سے معلوم هوتا هے که اس ایڈیشن کے مولفین کے نزدیک اصلي مقدار اتني هي هے - مگر هم کو یقین هے که اسمیں ایک بڑي تعداد الحاقي رباعیات کي هوگي - کیونکه اگر سر گور اوسلي کے نسخے کي تمام رباعیات اصلي تسلیم کرلي جائیں' جب بهي اتنی تعداد اصلي رباعیات کي ثابت نہیں هوتي -

بهر حال همیں مکمل اشاعت کا انتظار کرنا چاهیے - مطالعه کے بعد صحیح راے قائم کي جاسکے گي -

# مدارس اسلامیه

## ۱۰ مئي کا جلســـهٔ دهلـي

( از جناب حاذق الملک حکیم محمد اجمل خانصاحب )

**( ۲ )**

( ۲ ) اب جلسه کے واقعات سنیے :

( الف ) سب سے پہلے پریسیڈنٹ کے انتخاب کا مسئله ہے - جلسه هي میں جناب پریسیڈنٹ صاحب سے صدارت کیلیے استفسار کیا گیا اور انهوں نے مہربانی فرما کر اپنی رضامندی ظاهر فرمائي - پهر ان کے نام کي تحریک و تائید کي گئي - اس وقت کسي بزرگ نے کهڑے هوکر اختلاف نهیں کیا - چونکه یه جلسه ندوة العلماء کے متعلق تها اس لیے یه بهتر سمجها گیا که کسي عالم کا انتخاب کیا جالے - میں بالکل یقین دلاتا هوں که پریسیڈنٹ صاحب کے خیالات کے متعلق کسي کو بهي معلوم نه تها که کیا هیں' نه اس لحاظ سے ان کا انتخاب کیا گیا تها - خدا کے فضل سے جناب پریسیڈنٹ صاحب اس وقت هم میں موجود هیں - ان سے دریافت کرلیا جائے که کس کس نے ان سے جلسے سے پہلے کیا کیا کہا تها' اور انهیں کیا کیا هدایت کي تهي ؟ بهرحال ان کا انتخاب کیا گیا - گو اور اچهے اچهے علماء بهي جلسه میں تشریف رکهتے تهے' لیکن قومي جلسوں کے قواعد و ضوابط کے متعلق ( تحریک صدارت کرنے والوں کي ناقص راے میں ) جناب پریسیڈنٹ صاحب کو گروہ علماء میں نسبةً زیاده واقفیت معلوم هوتي تهي - فرض کرلیجیے که اگر ان کا انتخاب نه هوتا' تو میں دریافت کرنا چاهتا هوں که جس بزرگ کو دوسرے اصحاب اس جلسه کي صدارت کیلیے پیش کرتے تو کیا اس قسم کے اعتراضات سے ان کا اسم گرامي محفوظ رهسکتا تها - مثلاً اگر کسي تعلیم یافته شخص کو اهل جلسه پیش کرتے تو سب سے پہلے اسکي نسبت بهي یه اعتراض نهیں کیا جاتا ؟ کم سے کم مجهے معلوم نهیں ہے که وہ صدر انجمن صاحب جلسه سے بهتر ایسے جلسه کو زیر انتظام رکهه سکتے' جیسا که ۱۰ مئي کا جلسه تها -

( ب ) اس کے بعد میرے خطوط پیش کرنے کا واقعه ہے - میں نے جلسه میں وہ خطوط اور مضامین پیش کیے تهے جو اس کي موافقت و مخالفت میں میرے پاس آئے تهے - جہاں تک مجهے یاد ہے میں نے کسي ایک خط کو بهي نهیں چهوڑا تها - مجهے معلوم تها که جلسه کي موافقت کے خطوط زیاده هیں اور اسیطرح مختلف شہروں کي انجمنوں نے جو کارروائیاں اپنے اپنے جلسوں کي بهیجي تهیں وہ بهي جلسه کي موافقت میں زیاده تهیں - اگر میں ان تمام کو پڑهتا تو کم از کم ڈیڑه گهنٹه جلسه کا صرف هوتا اور مجهے معلوم تها که جلسه کو تهکا دینے والي طوالت هي جائیگي - اس لیے میں نے یه کهکر که " یه خطوط جلسه کي موافقت میں میرے پاس آے هیں لیکن ان کے پڑهنے میں آپ صاحبوں کا وقت ضایع هوگا - اس لیے ان موافق اور مخالف خطوط کو میں میز پر رکهے دیتا هوں' جس صاحب کا دل چاهے انهیں دیکهه لے " کهکر میں نے کاغذات میز پر رکهدیے - کسي صاحب نے اِتني تکلیف نهیں فرمائي که انهیں دیکهتے نه کسي شخص نے مجهه سے خواهش کي که انهیں پڑهنا چاهیے - لیکن کیا تو یه کیا که جلسه کے بعد یه اعتراض کرنے لگے که ان خطوط کو جو ندوہ کي موافقت میں زیاده تهے نهیں پڑها گیا - اب بهي وہ سب فایل میں موجود هیں - جن صاحب کا دل چاهے انهیں پڑهکر اپنا اطمینان فرمالیں' اور دیکهه لیں که موافقت کا حصه ان میں زیاده ہے یا مخالفت کا ؟

( ج ) جلسه کي بد نظامي کا بوجهه بهي جلسه کرنیوالوں کي گردن پر ڈالنا ایک تسلیم شده بات سمجهي گئي ہے - مگر واقعات کبهي چهپانے سے نهیں چهپ سکتے - اصل واقعه یه ہے که اس جلسه کو برهم کرنے کا قدرتي طور پر بعض اصحاب کے دلوں میں خیال تها اور انکي دلي خواهش تهي که اس جلسه میں کوئي کارروائي نه هوسکے - اس کے ثبوت میں میں یه عرض کرنا چاهتا هوں که سب سے پہلے بولنے کے لیے جو صاحب کهڑے هوے تهے وہ ندوہ کے ایک معزز رکن تهے' اور پیهم جو کوشش اس فریق کي طرف سے بولنے کي هوئي وہ بهي کسي شخص پر پوشیده نهیں ہے - یهانتک که اسٹرایک کا ریزو لیوشن جو سراسر اس گروہ کے لیے مفید تها' اسپر کم سے کم دو گهنٹه تک جهگڑا کیا گیا - بالآخر پیش کرنیوالے نے اسے واپس لے لیا - اس کے علاوه هر ایک شخص بولنے کے لیے کهڑا هوتا تها' اور جب اُسے روکا جاتا تها تو وہ کهتا تها که همیں بولنے سے روکا جاتا ہے - لیکن بولنے کي یه حالت تهي که صرف اسٹرائک کے ریزو لیوشن نے دو گهنٹے لیلیے تهے' اور آخر میں وہ واپس لے لیا گیا تها - خبر نهیں واپس نه لینے کي صورتمیں اور کتني دیر لگتي - صاحبان ندوہ میں سے بعض اصحاب نے علی الاعلان یه کہا که جلسه کو جلد ختم کرنے کي کوشش کي جاتي ہے' حالانکه هم ایک مہینه تک بحث کیے جائینگے - پهر شاید اس مدت کو بڑها کر انهوں نے ایک سال یا قیامت تک کي ایک چهوٹي سي قید بهي لگادي تهي - ( مجهے الفاظ و مضمون ٹهیک یاد نهیں ) -

ایک طرف یه حالت تهی - دوسري طرف لوگ ان بحثوں سے تنگ آگئے تهے اور ان مقرروں کی تقریروں میں آخر کار دراندازي کرنے لگے تهے - ایک اور گروہ تها' جو اس وجه سے کچهه خوش نه تها که ابهی تک ان میں سے بعض مقرروں کو صدر انجمن صاحب نے بولنے کی اجازت نهیں دي تهی - اس گروہ کے بعض اصحاب بهي جلسه کي بدنظمی کے ایک حد تک ذمه دار تهے - اب ان واقعات کو پیش نظر رکهکر فیصله کرلیا جاے که کون کس حد تک جلسه کی بدنظمی کا بوجهه اٹها سکتا ہے -

ایک بزرگ رکن ندوہ نے جو درویش و عالم بهی هیں' مجهه سے خود فرمایا که بس اب هماري راے تو یه ہے که اس جلسه کو ختم کردیجیے' کیونکه گڑبڑ هو رهی ہے - میں نے ان سے عرض کیا که اگر آپ کو جلسه میں بیٹهنے سے تکلیف هو تو آپ مکان جاکر آرام فرمائیں' یه جلسه اپنا کام کرکے ختم هوگا - کیا یه واقعات نهیں تهے ؟ اور کیا ان سے یه نهیں سمجها جاسکتا که در اصل جلسه کو کون بدنظمی کا شکار بنارها تها' اور جلسه بغیر نتیجه کے ختم کرنے کا کون خواهش مند تها ؟ اس کے بعد یه بهی سنیے که جب پریسیڈنٹ صاحب نے کمیٹی کے انتخاب کے ریزولیوشن پیش هوتے وقت یه فرمایا که میں مخالف اور موافق پانچ پانچ حضرات کو بولنے کی اجازت دوں گا' اس کے بعد ووٹ لے لونگا - تو اس کی بهی مخالفت کی گئی - مگر جب پانچ پانچ حضرات دونوں طرف کے اپنی اپنی تقریریں ختم کرچکے اور پریسیڈنٹ صاحب راے لینے کے لیے آماده هوے' تو ارکان ندوہ میں سے اکثر حضرات اسی وقت جلسه میں سے تشریف لیگئے -

( د ) صدر انجمن صاحب پر یه غلط الزام لگایا جاتا ہے که انهوں نے لکهنو کے کسی نواب زاده کو جلسه سے علیحده کرنیکا حکم دیا - حالانکه اسکی کچهه بهی اصلیت نهیں ہے -

( ه ) یه کہا جاتا ہے که جلسه میں بهت سے اصحاب سکهالے هوئے تهے - اس کے متعلق گذارش ہے که جس ذریعه سے آپ

حضرات چاهيں اس امر کو تحقيق فرماليں که جو صاحب باهر سے بلائے هوے تشريف لاے تهے' ان ميں سے کسي صاحب سے بهی هم لوگوں نے کچهه فرمايش کی تهی ؟ دهلی ميں جو پانچسو کے قريب ٹکٹ تقسيم کيے گئے تهے' کيا ان کے پاس هم لوگوں نے کسی آدمی کو کچهه سمجهانے کے لئے بهيجا تها ؟ کيا مدرسه طبيه کے طلباء سے همارے کميٹی کے کسی شخص نے کچهه فرمايش کی تهی ؟ بيشک کميٹی کے سب ممبر ايک خيال کے تهے اور ان کے اکثر احباب ان کے هم خيال تهے اخبارات ميں کافی مضامين نکل چکے تهے - دهلی کے بهت سے پڑهے لکهے حضرات ان مضامين کو پڑه پڑهکر اپنی اپنی رائيں قائم کرچکے تهے - ايسي حالت ميں اکثر اصحاب کا اصلاح ندوه پر اتفاق تها - جس کی ضرورت کو ندوه کے انصاف پسند حضرات نے خود بهي تسليم کرليا تها اور ١٠ - مئی کے جلسه ميں اس کا باقاعده اعلان بهی هوچکا تها - ان تمام باتوں کو پيش نظر رکهکر دهلی کے جلسه کي عام راے کے متعلق صرف يهي صحيح قياس هوسکتا هے که وه اصلاح ندوه کے مويد تهے اور کسی سے سبق لينے کے محتاج نه تهے -

( و ) يه تو بار بار لکها جاتا هے که جلسه ميں مدرسه طبيه کے طلبه موجود تهے' ليکن کسی منصف مزاج نے يه نهيں لکها که مدرسه امينيه کے اور بعض ديگر اسلامی مدارس کے طلبه بهی جلسه ميں اچهی تعداد ميں موجود تهے' جو بغير ٹکٹ کے آگئے تهے' اور جنهيں جلسه ميں شريک هونے سے کسی نے بهي نهيں روکا تها - ايک طرف کسي طالب العلم کو داخل هونے سے منتظمين نهيں روکتے تهے - اور دوسري طرف وه يه ديکهه رهے تهے که حاميان ندوه ميں سے بعض اصحاب ايک ايک ٹکٹ کو بار بار استعمال کررهے هيں' اور ان لوگوں کو داخل کررهے هيں جنهيں وه کسی نه کسی خاص غرض سے داخل کرنا چاهتے تهے - کيا کوئی شخص يه کهه سکتا هے که منتظمين نے رواداري کے برتاؤ کے سوا کچهه بهی ان امور پر نوٹس ليا -

( ز ) يه بهی اعتراض کيا جاتا هے که ريزوليوشن زبردستی پاس کرليے گئے حالانکه اکثر حاضرين جلسه ان کے خلاف تهے - يه اعتراض اور اسی قسم کے بعض دوسرے اعتراضات حقيقت ميں اس قابل هيں که ان کا کوئي جواب نه ديا جاے تو زياده بهتر هے - اگر يه بات سمجهه ميں آسکتی هے که جلسه خلاف هو اور کوئي ريزوليوشن پاس کرليا جاے' تو اعتراض بهی سمجهه ميں آسکتا هے - واقعه يه هے که جب موافقت کے ليے هاتهه اٹهانيکو کها گيا تو تقريباً سب نے هاتهه اٹهاے' ليکن جب مخالفت کے ليے هاتهه اٹهاے گئے تو ميں نے خوب غور کرکے ديکها' صرف دو هاتهوں کے سوا کوئي تيسرا هاتهه هوا ميں بلند نه تها ! جلسه ميں سينکڑوں آدمي تهے اور وه اس امر کي آسانی کے ساتهه شهادت دے سکتے هيں - ان سے دريافت کرليا جاے تو اور بهی بهتر هوگا -

## ( نتائج جلسه )

ميں مختصر طور پر جلسه کے حالات بيان کرنے کے بعد اس جلسه کے نتائج پر بحث کرنا چاهتا هوں جس کا وعده ميں نے اپنے اس مضمون کے ابتدائی حصه ميں کيا تها -

ميں اس جلسه کا نتيجه سمجهتا هوں که ان بزرگان ندوه نے جو انصاف پسند هيں' اصلاح کي طرف قدم بڑهايا هے' اور وه اب اچهی جد و جهد اصلاح کيليے کررهے هيں - ١٤ جون کو انهوں نے اپني انتظامی کميٹی کے جلسه کو بلايا هے' اور اجنڈے ميں حسب ذيل امور درج کئے هيں - جن ميں سے اکثر امور اصلاح سے تعلق رکهتے هيں -

( ١ ) ( الف ) منظوري کار روائي جلسه هاے انتظاميه گذشته -

( ب ) حساب نه ماهه دار العلوم و ندوة العلماء پيش هوگا -

( ٢ ) جن مدرسين کي نسبت مهتمم صاحب دارالعلوم نے اپني رپورٹ شائع شده ميں لکها هے که انهوں نے طلبه کي اسٹرايک ميں حصه ليا هے' ان کا معامله بعرض تصفيه پيش هوگا -

( ٣ ) جن طلبه نے اسٹرايک کي تهي انکي وه درخواستيں پيش هوں گي جن ميں انهوں نے اپنے تصور کي معافي چاهي هے' ميں نے ( ناظم صاحب نے ) تا تصفيه جلسه انتظاميه ان کو دار العلوم اور دار الاقامة دونوں سے مستفيض هونيکا عارضي حکم ديا هے -

( ٤ ) سالانه ندوة العلماء کے طلب کرنے کي جلد سے جلد ضرورت هے' لهذا اس کے لئے تاريخ اور مقام کا تعين کيا جائيگا -

( ٥ ) مراسله رياست بهوپال و رامپور مشعرالتواء امداد تعدادي ٥٠٠ روپيه سالانه بلا تعين مدت ( پيش هوگا )

( ٦ ) يه مير مفتي عبد الله صاحب اور قاضي تلميذ حسين صاحب کي رخصت کے متعلق هے )

( ٧ ) ماسٹر دين محمد صاحب کے متعلق هے )

( ٨ ) ( فقيهه اول کي جگه کے انتظام کے متعلق هے )

( ٩ ) انتخاب ممبران مجلس هاے دار العلوم و مال و کونسل نظامت و فهرست انتخاب اراکين نامزد شده ( جو منسلک هے )

( ١٠ ) تجويز متعلق نگراني بورڈنگ هاؤس -

( ١١ ) معامله جلسه دهلي منعقده ١٠ مئي سنه ١٩١٣ و مراسله مولوي ثناء الله صاحب پريسيڈنٹ جلسه دهلي بابت اطلاع تقرر کميٹي براے اصلاح ندوه -

( ١٢ ) ديگر ضروري امور جو اس وقت تک هنگامي طور پيش آجائيں يا ضروري تحريرات -

اس اجنڈا سے صاف معلوم هوتا هے که ارکان ندوه اپنے فرائض کے ادا کرنيکے کا اهتمام کررهے هيں جو اميد هے که پورے هوں گے - اگر وه پورے هوگئے تو جسقدر انهيں خوشي هوگي اسيقدر هندوستان کے ان تمام مسلمانوں کو بهی هوگی جو ندوه کے ساتهه دل چسپی رکهتے هيں -

اس کے علاوه ناظم صاحب ندوه نے اعلان کرديا هے که هم قواعد و ضوابط کو درست کرنا چاهتے هيں اور اس غرض کے ليے وه عام مسلمانوں کو دعوت دے رهے هيں - پس ١٠ - مئي کي منتخب شده کميٹي بهي اپنے خيالات کو ان حضرات کي خدمت ميں پيش کرے گي' اور يهي اس کا فرض هے - ان تمام باتوں کا جو نتيجه هوگا' اميد هے که بهتر هوگا اور ١٠ - مئی کے جلسه کي غرض کسي نه کسي طرح پوري هوجائيگي - کيونکه معزز ارکان ندوه ميں چند حضرات خاص طور پر معامله فهمي ميں ممتاز هيں - وه اچهي طرح جانتے هيں که هٹ اور ضد سے ندوه کو نقصان پهونچنے کا انديشه هے' اور صحيح مطالبات کو قبول کرنا ندوه کي فلاح اور بهبود کا باعث هوگا - دوسري صورت ميں قوم کے ايک حصه کی دل چسپي ندوه کے ساتهه ساقط هوجانيکا خوف هے - بس مجهے اميد هے که خدا نے چاها تو تمام معاملات درست هوجائيں گے' اور آخرکار سب ملکر ندوه کے ايسے هي خادم بن جائيں گے - جيسے کے پهلے تهے' اور واقعات کو متفق هوکر بالکل بهلا ديں گے -


بهت سے ايسے اعتراضات ميں نے چهوڑ دیے هيں جو گو صحيح نهيں مگر ميں انهيں مهتم بالشان نهيں سمجهتا هوں - نيز ميں نے ايسے واقعات بهي ترک کرديے جن کا اس وقت ذکر کرنا مصلحت کے خلاف هے اور وه فريقين ميں پهر ناگوار بحث کے باعث هوجائيں گے - اگر ذمه دار اشخاص ايسی بحثوں کو چهيڑيں گے تو ميں واقعات کو دهرانے کے لئے حسب ضرورت مجبور هونگا -

محمد اجمل

# کنیڈا میں هندوستانیوں کي حالت ز



آن چار جانباز هندرستانی عورتوں میں سے ایک عورت جو جابرانه قانون کا مقابله کرنے کیلیے کنیڈا میں داخل هوگئي هیں !



کنیڈا میں هندوستانیوں کے رهنے کے مکان

" تم لوگ همارے ملک میں حاکم بننے کیلیے آتے هو - هم تمهارے یہاں قلي بننے کیلیے جاتے هیں - اسپر بهي تم همیں آنے کي اجازت نہیں دیتے ؟ "

[ گردت سنگه ]



سردار تیجا سنگه جو کنیڈا کے نو اباد هندوستانیوں کے ایک با اثر لیڈر هیں -

## بهر زمین که رسیدیم آسماں پیدا ست !


کنیڈا میں جو جہاز نوآباد هندوستانیوں کو لیکر سردار گردت سنگه گئے تھے اور جو بالاخر ظلم اور جنسیت قومی کے تعصب سے شکست کھا کر غالباً واپس آجانے والا ھے' اسکے ساحل کنیڈا تک پہنچنے سے پیشتر مندرجه ذیل مراسلت مشہور اهل قلم سیته نہال سنگه نے گریفک لندن کو بھیجي تھي' جو تازه ولایت کی ڈاک میں آیا ھے :

" کنیڈا میں هندوستانیوں کي نو آبادي کا مسئله سخت خطرے کي حالت میں نظر آتا ھے - ۳۷۵ هندوستاني ایک جاپانی جہاز میں کولمبیا روانه هوگئے هیں - هندوستان کے ایشیائیوں نے یه جہاز جاپان کے ایشیائیوں سے کرایه پر لیا ھے' اور دونوں یکساں طور پر کنیڈا سے اپنے حقوق کے داد خواه هیں !

هندوستاني نہایت استقلال و جوش اور جاں نثاري کے ولولوں کے ساتھه روانه هوے هیں' اور اس بات پر تلے هوے هیں که برطاني رعایا هونیکی حیثیت سے اپنے حقوق حاصل کرینگے - انکا مقصود ایک عملی آزمایش کے ذریعه اس سوال کو حل کرنا ھے که آیا سلطنت برطانیه کا ایک جز هونے کے لحاظ سے انھیں کنیڈا میں رهنے کا حق حاصل ھے یا نہیں ؟

ان هندوستانیوں میں زیاده تعداد اُن سپاهي پیشه سکھوں کی ھے جو زمانۂ حال کی انگریزي لڑائیوں میں ایک تاریخي افتخار حاصل کرچکے هیں - وہ تاج انگلستان کے لیے هندوستان کے اندر اور هندوستان' سے باهر ( مثلاً سرحد افغانستان' تبت' چین سمالي لنیڈ ) میں لڑچکے هیں اور بارها اپنا خون بہاچکے هیں - ان لوگوں میں شاید هي کوئي شخص ایسا هوگا جسکو یه دعوا نه هوگا که اسکے قریب اور معتبر رشته داروں میں سے کوئي نه کوئی سر فروش اس سلطنت کے لیے اپنا خون بہا چکا ھے' جسکے تاج سلطنت کا سب سے زیاده قیمتي نگینه هندوستان ھے - بهر حال اس بحث کو چھوڑ دو که سکھوں کے حقوق ایک وفادار برطاني سپاهی هونے کي حیثیت سے خاص نوعیت رکھتے هیں - عام قومي اور قانونی لحاظ سے دیکھو' جب بھی یه ایک نہایت هي افسوسناک اور ناقابل تحمل منظر ھے - هندوستان هی کے باشندے هیں جنھوں نے محنت و مزدوري کرکے ان نو آبادیوں کو یورپ کي دار الحکومتوں کا هم سر بنا دیا ھے' لیکن آج نہایت بے دردي کے ساتھه ان پر اسکا دروازہ بند کیا جا رها ھے - بظاهر ایسے پر فریب قواعد وضع کیے گئے هیں جنسے معلوم هوتا ھے که یه دروازه چند وارثوں کے ساتھه ابتک کھلا ھے' مگر فی الحقیقت وہ پوري طرح بند کردیا گیا ھے - مثلاً ایک طرف یه قاعده رکھا ھے که نوآباد هندوستاني کلمبیا میں ایک هي ٹکٹ پر نه آے' دوسري طرف حکم دیدیا گیا ھے که اگر وہ کسي جگهه جہاز بدلے تو اُسکو آگے بڑھنے کي اجازت نه دي جاے - اسکا صاف مطلب یہي هوا که کوئی هندوستانی کولمبیا نه جاے - یه قانون یہاں تک سخت کردیا گیا ھے که نو آباد هندوستانیوں کي بی بیاں بھي اپنے شوهر کے پاس جانے سے روک دي گئی هیں - یه ایک ایسي کھلي وحشت ھے جسے اسکی حالت پر چھوڑ دینا کوئی انسان گوارا نه کریگا !

جو هندوستانی پیشتر سے وهاں موجود هیں' ان پر بھي نوکریوں کا دروازه بند کردیا گیا ھے - ساتھه هي ایک طرف تو حکام نے هندوستانیوں کي بیبیوں کو اندر



مظلوم هندوستانیوں کی بے بسي کا ایک منظر ! ایڈا کے حکام صیغۂ مہاجرۃ نے نو آباد هندوستانیوں کو یہاں محدود کردیا ھے !

# تاریخ حیات اسلامیہ

## مسئلہ قیام الهلال

الهلال نمبر ۱۲ کا مضمون بعنوان " مسئله قیام الهلال کا آخري فیصله " پڑهکر ایسا صدمه هوا که اسکا اظہار احاطهٔ تحریر سے باهر هے - نهیں معلوم کونسا جادو اس مضمون میں تھا که پڑهتے هی دل هاتهه سے جاتا رها اور آنکهوں کے سامنے اندهیرا چها گیا - مولانا ! سچ سچ عرض کررها هوں که اول تا آخر ایک ایک لفظ مکرر سه کرر پڑها ' اور غور کرتا رها اور کرتا هوں که نه معلوم هم عاجزوں کیلیے کونسا انقلاب اور کیا حشر هونے والا هے ؟

جناب نے فرمایا هے که " الهلال نے خدا سے مہلت مانگي تهي که اپنے سامنے اپنے بعض مقاصد کو دیکهه لے " اور " اب دیکهتا هوں که الهلال اپنا پهلا کام پورا کرچکا هے اور اپنے بعض مقاصد اپنے سامنے دیکهه رها هے " لیکن مولانا ! خود اپنے هي ضمیر سے فیصله طلب کیجیے که کیا " بعض مقاصد " هي کے پورا کر دینے سے کام انجام پاسکتا هے ؟ اگر نهیں تو پهر کیا هم گم گشتگان ضلالت کو نیم بسمل چهوڑ نے هي کے لیے الهلال جاري کیا گیا تها ؟ اگر ایسا تها ( خدا نه کرے که ایسا هو ) تو بهتر تها که اس کام کا بیڑا هي نه اٹها یا جاتا - یه کہاں کا انصاف اور قانون هے که ادهورا چهوڑ کر اعراض کیا جاے -

( بقیه مضمون صفحه ۱۹ کا )

آنیکي ممانعت کردي ' دوسري طرف یه رپورٹ عام طرحسے پهیلادي گئي که هندو ( هندوستانیوں کو کینیڈا میں هندو کہا جاتا هے خواه وه مسلمان هي کیوں نه هوں - جس طرح عرب هر باشنده هند کو هندو کہتے هیں - الهلال ) بالطبع نهایت اوباش هیں - اور انکي اخلاقي و معاشرتي حالت کی متمدن ابادي متحمل نهیں هو سکتي !

وه هندؤں کی جماعت جو کینیڈا میں کوماگا ٹومارو جهاز پر روانه هوئي هے ' صرف یه دکهلانا چاهتي هے که کنیڈا کي گورنمنٹ کیسے پیچیده طریقوں سے هندوستاني نو آبادیوں کو روک رهي هے ؟

یه جهاز جو هندوستان سے روانه هوا هے اسمیں کوئی کاریگر نهیں ' مستري نهیں - فقط ادهیت کے قلی هیں - یه غیر معمولی ملازم نهیں هیں ' اسوجه سے انهیں مجبور نهیں کیا جاسکتا که هندوستان لوٹ جائیں -

اس بات کو ذاتي طور پر تحقیق کرنے کے بعد همیں پته لگا هے که سکهوں کے ساتهه کلمبیا میں جو اسقدر سختي کي جاتی هے ' اسمیں ایک حد تک غلط فہمي کو بهي دخل هے - وه ایسے وقت میں آئے جبکه وهاں کے لوگ چینیوں اور جاپانیوں سے بگڑے هوے تهے - چونکه یه بهي مشرقي تهے اسلیے انکے ساتهه بهي چینیوں اور جاپانیوں کي طرح سلوک کیا گیا اور اس بات کا خیال کیا نهیں کیا گیا که هندوستاني برطاني رعایا هیں -

سلطنت کے نقطه خیال سے هر خیر خواه برطانیه اس واقعه کو افسوس کي نظروں سے دیکهیگا - اگر کنیڈا نے یه اشتعال انگیز طریقه قائم رکها تو بهت ممکن هے که هندوستان میں سخت بے چیني اور اضطراب پهیل جاے "

( نہال سنگه )

میں نهایت عاجزي سے گذارش کرتا هوں که " مسئلهٔ قیام الهلال کے آخري فیصله " کا فیصله جلدي سنا دیجیے تاکه انتشار و تردد رفع هو جو اب نهایت شاق گذر رها هے اگر فیصله موافق هوا تو فبها ' اور اگر نفي میں هوا تو پهر بہ تعمیل آپکے اس بقول کے که " ایک قطعی فیصله کرنے میں میرے ساتهه هو جائیں " یه احقر بهي آپکا ساتهه دینے سے گریز نهیں کریگا - انشاء الله تعالى - الحمد لله میں بهي پهلي منزل پوري کرچکا هوں اور میرے سامنے بهي دوسري منزلیں کهول دي گئي هیں - میں بهي آنکے طے کرنے کے لیے کمر بسته هوجاؤنگا - ناظرین الهلال بهي اپنی پهلي منزلیں ختم کرچکے هونگے اور دوسري کے طے کرنے کیلیے تیار هونگے ' اگر وه خدا نخواسته اپني آینده منزلیں طے کرنے کے لیے تیار نهیں هیں تو انا لله و انا الیه راجعون -

آخر میں ناظرین الهلال سے درخواست هے که ۱۲ روپیه سالانه قیمت دینے پر تیار هوجائیں - اگر وه رضامند نهیں هیں تو ایک پیسه کا کارڈ ڈالکر خریداري سے سبکدوش هوجائیں - اگر کوئي ایسا خط وصول نه هو تو ۱۲ - روپیه پر رضامند سمجه لیا جاے اور آینده ۱۲ روپیه سالانه قیمت مقرر کردي جاے -

تین خریداروں کي فہرست منسلک عریضه هذا هے -

احمد علي خریدار نمبر ۳۸۶۲ - از بهٹنڈا -

---

آپکے اخبار کے مضامین نے جو اثر میرے دل پر کیا هے اسکا حال مجهے هي معلوم هے - آپکا اخبار بے علموں کیلیے ایک ایسا مقدس ذریعه علم هے ' جس سے بهت دین اسلام کی حقیقي اور روحاني معلومات حاصل هوتي هیں - خداوند کریم آپکو جزاے خیر دے - ایسے اخبار کیلیے قیام و عدم قیام کا سوال پیدا هونا هم مسلمانوں کیلیے حیف هے - میرا تو یه خیال هے که هر مسلم کے هاتهه میں یه پرچه هونا چاهیے - فی الحال تین اصحاب کے نام اخبار روانه کیجیے آینده بهي انشاء الله کوشش کرونگا - وما توفیقي الا بالله -

براے خدا الهلال کے بند کرنیکا هرگز اراده بلکه وهم بهي نه فرمائیں الله مددگار هے فقط والسلام -

عزیز الدین - خریدار نمبر ۳۹۹۳ از لاهور

آج اتفاق سے ایک بزرگ سے الهلال کا پرچه نمبر ۲۰ اور ۱۹ جو ایک ساتهه شائع هوا هے ' چند منٹ کے لیے دیکهنے کو ملگیا - الهلال کي توسیع اشاعت کیلیے اهل دل حضرات جان و دل سے کوشاں هیں - خاکسار ایک غریب طالب العلم هے ' عربي پڑهتا هے ' اتني اوقات نهیں جو آٹهه روپیه گهر سے دیکر الهلال کا خریدار بن جاؤں - کیا یه ممکن هے که آپ میرے اس عریضه کو اپنے پرچه کے کسي گوشه میں جگهه دیدیں ؟ بهت ممکن هے که میري عرضي شرف قبولیت کو پهونچ جاے ' اور کوئي صاحب دل حضرت ایک سال کے لیے الهلال میرے نام آپکو قیمت بهیجکر جاري کرادیں -

خاکسار سید محمد منصور احمد

مقام اوریں - ڈاکخانه کجره - ضلع مونگیر

## الهلال :

ادارهٔ الهلال کا آغاز اشاعت سے یه طریقه رها هے که توسیع اشاعت اور اعانت طلبا وغیره کي غرض سے بهي کسي پر بار ڈالنا پسند نهیں کیا گیا اور پہلے سال پانچ سو پرچے طلبا کو نصف قیمت پر ' اور سو کے قریب مفت ' اور اسي طرح دوسرے سال چهه روپیه قیمت پر کئي سو پرچے جاري کردیے -

یه پہلي درخواست هے جسکا جواب ادارهٔ الهلال نے خود نهیں دیا بلکه قارئین کرام کے آگے بعرض جواب پیش کیا هے -

... خیال میں جو خریدار اس وقت هیں آنهي کو بذریعه الهــلال اطلاع دیکر قیمت ڈیوڑهی یا دوگني کردینے کی خبر دیني چاهیے - میں اُمید رکهتا هوں که جتنے خریدار اس وقت الهــلال کے موجود هیں وه انشاء الله تعالی بڑي خوشي اور رضا و رغبت کے ساتهه اضافه کو منظور کرکے قیمت ادا کرینگے -

میري عرض کرنے کي کچهه ضرورت نه تهي' جن جن اشخاص نے الهــلال دیکها هوگا وه جانتے هونگے ' اور آپ بهي اچهي طرح واقف هیں - بے شک دعوة دیني اپني پهلي منزل سے گذر چکی هے مگر اسکا قیام و استحکام صرف اسي صورت میں ممکن هے که تعلیمات برابر جاري رهیں اور ترغیب و تحریص کا سلسله نه ٹوٹے - خداوند کریم اپنے فضل و کرم سے الهــلال کو قائم و بر قرار رکهے اور اوسکے دلي ارادوں کو کامیاب فرماوے ۔

محمد زمان ' معرفت محمد ابراهیم ' ٹهیکه دار

از کلو - ایس - ایس - برما

افسوس مسئله الهــلال پر خریداران الهــلال نے پوري توجه نه کي' اگر ایک ایک خریدار بناتے تب بهي مسئله الهلال کي بابت آپ کو نمبر ۱۹ و نمبر ۲۰ میں درج کرنا نه پڑتا - خدا تعالی اس چراغ کو قائم رکهیگا - میرے نام الهــلال کي قیمت بجاے آٹهه روپیه کے باره روپیه درج کي جاوے - دوسرا پرچه زیادتي چنده کا وي - پي - روانه فرماویں ایک خریدار پہلے دےچکا هوں - دوسرے کا پته درج ذیل هے -

فضل الهي از کلو - ایس - ایس - برما

الهــلال کی نسبت میري راے یه هے که یه پرچه ملک کیواسطے رحمت الهي هے' اسکي کسیطرح کي کمزوري ملک کے واسطے سب سے بڑي مصیبت هوگي ' لهذا اگر آپ اسکي قیمت میں اضافه کردیں تو میں نهایت خوش هونگا تا که مالي کمزوري باقي نه رهے - دو خریدار جدید پیش کرتا هوں -

محمد یونس عفی عنه - از ملیح آباد - لکهنؤ


## رُخِ گلگوں کو بچایئے!

قدرتی حسن کیا ہے؟ ایک احسان ہے - جسکا بہترین پیرایۂ شکر گذاری اسکی نگہداشت ہے - سرد ممالک کی مرطوب آب و ہوا ملائم نہو - تو نہو لیکن ہندوستان جیسے گرم ملک میں مروجہ پومیڈ یا اسپرٹ میں حل کئے ہوئے رنگوں کا استعمال گلگوں رخساروں کے لئے جسقدر مضر ہوگا اس کا اندازہ آپ خود ہی فرمالیں -

تاج گلگونۂ عنبر - ہر قسم کی اسپرٹ - چربی اور رنگ کی آمیزش سے پاک ہے - اور یہی وجہ ہے کہ تھوڑے ہی زمانہ استعمال میں یہ انسانی چہرہ میں ملاحت - بالوں میں ملائمت اور چمک - جلد میں ایک فطرتی مہک پیدا کردیتا ہے - اور مروجہ پومیڈ کی شیشی سے ڈیوڑھی مقدار میں - خوبصورت لیبل لگی ہوئی شیشی میں محفوظ ہے - قیمت فی شیشی پانچ آنہ (۵/)

تمام بڑے بڑے سوداگروں سے یا براہ راست کارخانہ سے طلب کیجئے

ایجنٹوں کی ضرورت ہے

تیار کردہ

دی تاج مینوفیکچری (بمبئی و دہلی) صدر دفتر دہلی



## خانہ زادِ چمن!

جس طرح نسیم سحری کا پہلا جھونکا - موجِ بوئے گل سے ہم آغوش ہوکر ایک عالم کو مست الست کردیتا ہے بعینہ اسی طرح تاج بخور عنبر کی توجہ حرکت شام دماغ کو مسحور کرکے انسان کو از خود رفتہ کردیتی ہے - اور اُسے نہیں معلوم ہوتا کہ خود چمن میں ہے - یا چمن ہی کسی کیمیائی قوت سے صحن دماغ میں منتقل ہوگیا ہے

اگر سنگھار میز کی دلکشیاں قدرتی حسن میں رعنائی اور ناز و انداز اضافہ کرتی ہیں تو بلا مبالغہ تاج بخور عنبر کی شگوفہ کاری ایک ہی دیا سلائی سے سمند ناز پر تازیانہ بجاتی ہے ❋

ایک اونس کے خوبصورت بکس میں جو مہینوں کو کافی ہے قیمت ۸/

تمام بڑے بڑے دوکانداروں سے یا براہ راست کارخانہ سے طلب کیجئے

ایجنٹوں کی ضرورت ہے

تیار کردہ

دی تاج مینوفیکچری (بمبئی و دہلی) صدر دفتر دہلی



## بہشتی قطرے!

ہندوستان کے باغ جنت کے چیدہ اور تازہ پھولوں کی روح بزم جلس کے لئے کشت زعفران ایک نئی وضع کے نازک اور خوشنما شیشیوں میں سنہری ٹیوب کے اندر رکھی ہوئی تین مختلف خوشبوئیں ہیں - اور جو نہ صرف عطر پرستوں ہی کی محبوب ہیں - بلکہ ہر طبقہ کے باندا ق اور نازک دماغ اصحاب حکماء - اطباء - ایڈیٹرز - مشاہیر و اکابر انکو قدسیان ارم کا تحفہ سمجھتے ہیں ❋

تاج قطرۂ تسنیم - فی شیشی ایک ڈرام عہ

تاج روح شمیم - فی شیشی ایک ڈرام عہ

تاج موجِ نسیم - فی شیشی ایک ڈرام ۱۲/ علاوہ خرچہ پیکنگ و محصول ڈاک

تمام بڑے بڑے دوکانداروں سے یا براہ راست کارخانہ سے طلب کیجئے

ایجنٹوں کی ضرورت ہے

تیار کردہ

دی تاج مینوفیکچری (بمبئی و دہلی) صدر دفتر دہلی


## روزانه الهــلال

چونکه ابهي شائع نهیں هوا هے ' اسلیے بذریعه هفته وار مشتهر کیا جاتا هے که ایمبرائیڈري یعني دوزي کام کے گل دار پلنگ پوش ' میز پوش ' خوان پوش ' پردے ' کامدار چوغے ' کرتے ' رنگی پارچات ' شال ' الوان ' چادریں ' لوئیاں ' نقاشي مینا کاري کا سامان ' مشک ' زعفران ' سلاجیت ' ممیره - جدوار ' زیره ' گل بنفشه وغیره وغیره هم سے طلب کریں - فهرست مفت ارسال کي جاتی هے - ( دي کشمیر کوآپریٹیو سوسائٹی - سري نگر - کشمیر

## اشتهــار

میرٹهه کي مشهور و معروف اصلی قینچي اس پته سے منگائیے
جنرل ایجنسي آفس نمبر ۱۵٦ اندر کوٹ شهر میرٹهه

## دیــوان وحشــت

( یعني مجموعهٔ کلام اردو و فارسي جناب مولوي رضا علی صاحب - وحشت )

یه دیوان فصاحت و بلاغت کي جان هے ' جسمیں قدیم و جدید شاعري کي بهترین مثالیں موجود هیں ' جسکی زبان کي نسبت مشاهیر عصر متفق هیں که دهلي اور لکهنؤ کي زبان کا عمده نمونه هے ' اور جو قریب قریب کل اصناف سخن پر محتوي هے - اِسکا شائع هونا شعر و شاعري بلکه یوں کهنا چاهیے که اردو لٹریچر کی دنیا میں ایک اهم واقعه خیال کیا گیا هے - حسن معاني کے ساتهه ساتهه سلاست بیان ' چستي بندش اور پسندیدگي الفاظ نے ایک طلسم شگرف باندها هے که جسکو دیکهکر نکته سنجان سخن نے بے اختیار تحسین و آفرین کی صدا بلند کي هے -

مولانا حالي فرماتے هیں ......" آینده کیا اردو کیا فارسي دونوں زبانوں میں ایسے ذخیرے دیوان کے شائع هونے کي بهت هي کم امید هے ...... آپ قدما اهل کمال کی یادگار اور انکا نام زنده کرنے والے هیں -" قیمت ایک روپیه -

المشتهر

عبد الرحمن' اثر - نمبر ۱٦ - کرایه روڈ - ڈاکخانه بالیگنج - کلکته